DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v62i2.3469

اسلامی مالیات کی تاریخ:
پاکستان کے اسلامی مالیاتی شعبے کا سفر اور عالمی پیش رفت

محمد ابو بکر صدیق[۞]

A History of Islamic Finance: The Journey of Pakistan's Islamic Financial Sector and Global Development

Muhammad Abubakar Siddique[۞]

ABSTRACT: This article provides a comprehensive exploration of the historical evolution of Islamic finance with a particular focus on Pakistan's journey and its correlation with global trends. Tracing its origins to the ethical and socio-economic concerns of Muslim scholars in the mid-۲۰th century, the study contextualizes the development of Islamic finance against the backdrop of conventional interest-based systems. It highlights the theoretical underpinnings of Islamic jurisprudence, especially the principle of legal flexibility (*taysīr*), which has enabled the adaptation and expansion of Islamic financial models globally. The research details five key phases in the institutional evolution of Islamic banking, noting critical milestones from early rural experiments to the establishment of global institutions such as the Islamic Development Bank (IsDB), the AAOIFI, and regional Islamic finance networks. In addition, the article assesses the ethical shortcomings of conventional banking, particularly after the ۲۰۰۷–۰۸ global financial crisis, and illustrates how Islamic finance emerged as a resilient alternative. Special emphasis is placed on Pakistan's legal and judicial strides in eliminating interest (ribā), culminating in landmark rulings by the Federal Shariat Court. The study further underscores the contributions of modern Islamic research bodies and regulatory frameworks in standardizing and internationalizing Islamic financial practices. By bridging jurisprudential insights with empirical developments, this work fills a critical scholarly gap and contributes to the ongoing discourse on sustainable and Shariah-compliant financial systems.

۞ لیکچرر / چیئرپرسن، سکول آف اکنامکس اینڈ فنانس (SOIBF)، انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اسلامی اکنامکس، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی، اسلام آباد۔

۞ Lecturer/Chairperson, School of Islamic Banking and Finance (SOIBF), International Institute of Islamic Economics (IIIE), International Islamic University, Islamabad. (muhammad.abubakar@iiu.edu.pk)

Keywords: Islamic finance, Pakistan, *ribā*, Sharī'ah compliance, Islamic banking, legal reform, financial ethics

Summary of the Article

The article offers a rigorous historical and analytical study of the evolution of Islamic finance, particularly emphasizing Pakistan's experience and its place within global developments. It begins with a theoretical exposition of the foundational principles of Islamic jurisprudence that support financial innovation, especially the concept of *taysīr* (legal ease/flexibility), which enables Islamic law to adapt to changing economic and social contexts without compromising on ethical and religious norms.

1. Historical Background and Philosophical Premises

The study opens by contrasting the ethical vision of Islamic finance with the moral decline of conventional, interest-based banking systems. It highlights that traditional banking did not begin as an interest-centric model but gradually became exploitative under Western capitalist ideologies that marginalized religion and emphasized materialism and unrestrained freedom. The article portrays this transformation as detrimental to human welfare, leading to widespread economic disparity, exploitation, and moral erosion.

2. The Genesis of Modern Islamic Banking

The author traces the earliest efforts to institutionalize Islamic finance to the mid-20th century. Countries like Egypt and Malaysia made pioneering attempts through models like the Mit Ghamr Savings Bank and Tabung Haji. These early efforts, though limited in success due to structural challenges, laid the groundwork for more sustainable institutions, such as the Islamic Development Bank (IsDB), which was established in 1975.

3. Phases of Global Islamic Finance Development

The article delineates five distinct phases in the evolution of Islamic finance:

- Phase I (Pre-**1977**): Experimental and grassroots efforts in Egypt, Malaysia, and Pakistan.
- Phase II (**1977–1989**)**:** Institutionalization through international bodies like IsDB and the rise of Islamic banks across the Muslim world.
- Phase III (**1990–2000**)**:** Strengthening infrastructure, including the establishment of AAOIFI (Accounting and Auditing Organisation for Islamic Financial Institutions) and the development of financial products like Sukuk.
- Phase IV (**2000–2008**)**:** Expansion into global markets, with Islamic banks showing remarkable resilience during the global financial crisis of 2007–08.
- Phase V (**2008–2023**)**:** Maturity and global recognition, with assets crossing $4.5 trillion in 2022 and projections suggesting further exponential growth by 2027.

4. Legal and Judicial Efforts in Pakistan

Pakistan's journey towards interest-free banking is discussed in detail. From Quaid-i-Azam's inaugural anti-interest speech in 1948 to legislative attempts in

the 1970s and 1980s, and finally the landmark rulings by the Federal Shariat Court in 1991 and again in 2022, the article narrates the persistent struggle to align Pakistan's financial system with Islamic principles. The 2022 verdict by Justice Syed Anwar Shah reaffirmed the complete prohibition of *riba* (interest), compelling all financial institutions to transition to Islamic models by 2027.

5. Institutional Development and Regulation

The study explores the critical role of regulatory and standard-setting institutions, such as:

- AAOIFI (Bahrain)**:** Setting accounting, auditing, and governance standards for Islamic financial institutions globally.
- Islamic Fiqh Academy (Jeddah)**:** Providing scholarly guidance and issuing *fatwas* on financial products.
- Islamic banks and windows in Pakistan**:** Including Meezan Bank and Bank Islami, which spearheaded the implementation of Shariah-compliant banking models under the State Bank of Pakistan's supervision.

The regulatory frameworks ensure the harmonization of practices across jurisdictions, fostering transparency, risk-sharing, and ethical financial conduct.

6. International Cooperation and the IMF's Shift

The article also observes the shifting stance of global financial institutions such as the IMF and World Bank, which have begun acknowledging the potential of Islamic finance to promote financial inclusion, stability, and ethical governance. The Islamic Development Bank's collaboration with international bodies to finance infrastructure and development projects in a Shariah-compliant manner is also discussed in detail.

7. Challenges and Prospects

The article acknowledges ongoing challenges, such as legal harmonization, educational gaps, and resistance from interest-based financial systems. However, it concludes optimistically, stating that Islamic finance has firmly established itself as a viable, sustainable, and ethically robust alternative to conventional systems.

Through a rich blend of jurisprudential insights, historical analysis, empirical data, and case studies, the article contributes significantly to the discourse on Islamic finance. It not only fills a scholarly gap in Urdu and English literature but also positions Islamic finance as a forward-looking, globally relevant financial model rooted in justice, risk-sharing, and moral accountability.

تعارف

دینِ اسلام جُملہ کائنات کے لیے تاقیامت آخری دین کے طور پر نازل ہوا، لہذا اس کے مزاج میں ایسے توسع کی ضرورت تھی جو روے زمین پر مختلف خطوں اور متنوع موسموں میں بسنے والے متعدد مذاہب اور رنگ

ونسل سے وابستہ جُملہ انسانوں کے لیے دینِ اسلام کو قبول کرنے کی راہیں کُشادہ کرنے میں معاون ثابت ہو۔اس لیے روزِ اول سے شرعِ پیغمبر ﷺ کا مزاج اور اسلوب حکیمانہ رہا ہے کہ دینِ برحق نے انسانوں کی جُملہ کاوشوں کو یک لخت مسترد کرنے کا رویہ نہیں اپنایا۔ مختلف انسانی معاشروں میں تسلسل کے ساتھ رواج پذیر ایسی عرف وعادات کو قبول کیا ہے جس میں کسی ایک فرد کے بجائے پورے انسانی معاشرے کے لیے یُسر کا پہلو موجود تھا اور وہ دینِ اسلام کے کسی بنیادی اصول سے متصادم بھی نہیں تھے اور اگر کہیں کوئی کمی یا خامی تھی بھی تو پیغمبرِ حق خاتم الانبیاء والمرسلین حضرت محمد مصطفی کریم ﷺ نے واجبی نوعیت کے نئے اصول وشرائط مقرر فرمائیں اور انھیں دینِ اسلام سے مطابقت کی سندِ جواز عطا کر دی جیسے بیع سلم۔

اس مقالے کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ جدید بنک کاری ومالیات (سودی اور اسلامی) کی تاریخ پر نظر ڈالی جائے اور دیکھا جائے کہ ان کے پس منظر میں کیا حکمت کار فرما تھی؟ نیز تاریخی اعتبار سے دیکھا جائے کہ معاملات سے متعلق شرعی احکامات میں پائے جانے والے توسع نے ہر دو عالمی اور پاکستان کی سطح پر جدید مالیاتِ اسلام کی ترویج میں کیا کردار ادا کیا ہے؟ نیز اسلامی مالیات سے متعلق علمی و قانونی میدان میں کیا پیش رفت ہوئی ہے؟ اردو اور انگریزی لٹریچر میں اس حوالے سے تدوینی سطح پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔ اسلامی مالیات کے میدان میں یہ مقالہ اس تحقیقی خلا کو پُر کرنے کی ایک کاوش ہے۔

بنک کاری کا بنیادی تصور

ماضی بعید میں "جان اور مال کا تحفظ" ایک بنیادی مسئلہ تھا۔ تجارتی سفر کے دوران میں تاجروں کو رہ زنوں اور بحری قزاقوں کی لوٹ مار کا سامنا رہتا تھا، جس کے پیش نظر وہ اپنے کارواں کے لیے حفاظتی دستے کا اہتمام کرتے تھے۔ اس طرح لوگوں میں یہ شعور بھی اجاگر ہوا کہ کیوں نہ اپنا ایک گروہ بنالیا جائے جو ایک خاص "مالی معاوضے" کے عوض تجارتی کاروانوں کو تحفظ فراہم کرے گا۔ بڑے بڑے تاجر اکثر اوقات اسی طرح کے حفاظتی دستوں کے ساتھ مارکیٹ میں تجارتی گشت کرتے تھے جس سے لوگوں میں یہ رائے پیدا ہونا شروع ہوئی کہ ان تاجروں کے پاس مال زیادہ محفوظ رہ سکتا ہے۔ تمام لوگ اس بات کی استطاعت بھی نہیں رکھتے تھے کہ وہ اس طرح کے حفاظتی دستے اپنے ساتھ رکھ سکیں۔ چناں چہ لوگ اپنی چھوٹی بڑی بچتیں انھی تاجروں کے پاس امانت رکھواتے تھے یا پھر انھیں سرمایہ کاری کے لیے دیتے تھے۔یہی تاجر ایک شہر سے دوسرے شہر سفر بھی کرتے تھے۔ لوگوں نے دیکھا کہ اگر تو وہ اپنی رقوم خود لے کر جائیں گے تو لٹنے کا خطرہ ہے، اگر یہی رقم کچھ کمیشن کے عوض انھی تاجروں کے

حوالے کر دی جائے اور دوسرے شہر میں جا کر ان سے واپس وصول کر لی جائے تو یہ زیادہ مناسب ہے۔ اسی طرح ایک شہر سے دوسرے شہر رقوم کی منتقلی اور ادائی کا تصور پیدا ہوا۔[۱] یہ وہ بنیادی تصور تھا جس نے بنک کاری کی داغ بیل ڈالی۔ بنک کاری کا تصور بنیادی طور پر رقم کی حفاظت، قرض کی فراہمی اور مالیاتی وسائل کی منتقلی کے اصولوں پر مبنی ہے۔ اس کی ابتدا کے پیچھے ایک اہم حکمت یہ تھی کہ لوگوں کو اپنی محنت سے کمائی ہوئی رقم کو محفوظ رکھنے کے لیے ایک محفوظ جگہ فراہم کی جائے اور مالی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے قرض کی فراہمی کی جائے۔ جدید بنک کاری میں سودی اور استحصالی عنصر بہت بعد کی پیداوار ہے ورنہ اپنی دانست میں یہ ایک بہترین تصور کے طور پر عمل میں آیا تھا۔

جدید بنک کاری میں اخلاقی زوال کا نفوذ

جس طرح بیان ہو چکا کہ بنک کاری نظام اپنی ابتدا ہی سے سود پر مبنی نہیں تھا، بلکہ اس کی ابتدا بنیادی طور پر تجارتی سرگرمیوں اور مالی معاملات کی سہولت فراہم کرنے کے لیے کی گئی تھی۔ قدیم زمانے میں بنک کاری کی شکل میں سونے، چاندی، اور دیگر قیمتی اشیا کی حفاظت، کرنسی کے تبادلے اور قرضوں کی فراہمی شامل تھی، لیکن یہ سود پر مبنی نہیں ہوتی تھی۔[۲] وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ، جب بنک کاری کا نظام زیادہ منظم اور ترقی یافتہ ہوا، تو سودی لین دین (یعنی قرضوں پر اضافی رقم وصول کرنا) بنک کاری کا حصہ بن گیا، خصوصاً مغربی دنیا میں جب بنک کاری کی جدید شکلوں نے جنم لیا۔ سودی نظام کو فروغ دینے میں یورپ میں ہونے والے معاشی انقلاب اور سرمایہ دارانہ نظام کا اہم کردار رہا ہے، جس نے بنک کاری کو ایک نفع بخش کاروبار بنا دیا۔

چودھویں صدی عیسوی کی ابتدا میں مغرب اور یورپ سے مذہب بیزاری پر مبنی مختلف تحریکیں رونما ہونا شروع ہوئیں اور انیسویں صدی تک اُن کے فلسفیوں نے سارا زورِ قلم معاشرے کو مذہب سے برگشتہ کرنے، مذہبی اخلاقیات اور ایمانیات پر مادیت کو غلبہ دینے پر صرف کر دیا۔ انسان پر خدائی حاکمیت کے بجائے خواہشاتِ نفس کی حاکمیت کا تصور اجاگر کیا اور اِس کے لیے "مطلق آزادی" کا دل فریب نعرہ متعارف کروایا کہ "انسان اپنی چاہت میں آزاد ہے، وہ جو چاہے کرے یہ اس کا حق ہے"۔ مغرب کا انسان جو "عیسائی اور یہودی مذاہب کی مسخ شدہ گم راہ

1. Beattie, A. (2023). The Evolution of Banking Over Time: From the ancient world to the digital age. (Accessed at October 17, 2024: https://www.investopedia.com/ articles/07/banking.asp).
2. Niall Ferguson. (2008). The Birth of Banking. In *The Ascent of Money: Financial History of the World*. (Publisher: Penguin Press, Year: 2008). P: 43-44.

کن تعلیمات سے پہلے ہی بیزار ہو چکا تھا" اُس کے لیے ایسی تحریکیں دل آویز ثابت ہوئیں۔ چناں چہ مغرب میں چرچ و کنیسہ خالی ہو گئے اور لوگوں نے ایک نئے طرزِ حیات کو اپنا لیا جس میں ان کی مادی، جنسی اور شہوانی تسکین کا سامان کیا گیا تھا اور انسانی حقوق کے نام پر انھیں حقِ باہم رضامندی کی آڑ میں یہ سب کرنے کی اجازتِ عام دے دی گئی تھی۔ اس طرح مغرب کے انسان نے خود کو خدائی پابندی کے تصور سے آزاد کروالیا۔ اگر وہاں کوئی طبقہ بچا بھی تھا جو خود کو خدائی پابندی کے ماتحت گردانتا تھا تو انھوں نے خدائی پابندی کے حصار کو اس قدر وسیع کر دیا کہ وہ بھی مطلق آزادی کے تصور کے ساتھ بغل گیر ہو گیا۔ اس تصورِ آزادی نے پھر اُن تمام امور کی راہیں کھول دیں جنھیں مذہب نے مسدود کر رکھا تھا جس کا لازمی نتیجہ یہ نکلا کہ ہوس پرستی، لالچ، استحصال، سود، جوا، غیر اخلاقی اور حرام افعال عام ہو گئے۔(۳)

ایسے "مذہب بیزار اور آزاد خیال" معاشروں میں ہر فرد "اپنی ذات کا غلام" دکھائی دیتا ہے جسے صرف اپنے مفاد سے غرض ہوتی ہے اور اس کے لیے وہ کوئی بھی قیمت چکانے کو تیار رہتا ہے، خواہ وہ قیمت کسی دوسرے فرد یا پھر پورے معاشرے کے مفاد کو ٹھیس پہنچانے کی صورت ہی میں کیوں نہ ہو۔ جہاں پوری قوم ہی ایسی روش پر تیار کی گئی ہو تو وہ اپنے مفادات کے تحفظ اور مادی ہوس پرستی میں ملک کے ملک اجاڑنے سے بھی دریغ نہیں کرتی جس کی کئی ہوش ربا مثالیں ہمارے سامنے ہیں۔ روس نے افغانستان برباد کیا، پھر امریکہ نے سے تار تار کیا، امریکہ صرف یہیں تک نہ رہا، بلکہ ہنستے بستے ممالک لیبیا، عراق اور شام اُجاڑ دیے اور اِس وقت فلسطین پر جاری اسرائیلی بم باری کے نتیجے میں کئی لاکھ مسلمان شہید ہو چکے جن میں اکثریت معصوم بچوں کی ہے اور انسانی حقوق کے علم بردار مغرب کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی؛ کیوں؟ کیوں کہ "انسانی حقوق" سے مغرب کی مراد صرف "انسانی مطلق آزادی" کا تصور ہے اور اہل فلسطین چوں کہ مسلمان ہیں اور مسلمان مطلق آزادی کے اس تصور کے خلاف ہیں، اس لیے انھیں کسی قسم کے انسانی حقوق حاصل نہیں ہو سکتے۔

اخلاقی انحطاط کے اِس بلاخیز سیلاب نے زندگی کے ہر شعبے کو متأثر کیا۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ معاشی و مالیاتی شعبہ شاید زیادہ متأثر ہوا، کیوں کہ شہواتِ انسانی کی تسکین کا بنیادی سامان یہیں سے ہوتا ہے۔ مذہبی اخلاقی اقدار سے دوری کے نتیجے میں سود اور جُوا، معاشی و مالیاتی اداروں میں بتدریج سرائیت کر گئے۔ خواہشاتِ انسانی کا عفریت منہ کھولے ہمہ وقت موجود تھا اور بنک کار سود کے عوض اُس منہ کو بھرنے پر راضی تھے۔ آہستہ آہستہ بنک

۳۔ جاوید اکبر انصاری، **مغربی تہذیب: ایک معاصرانہ تجزیہ**، (شیخ زید اسلامک سینٹر، جامعہ پنجاب، لاہور، ۲۰۰۲ء)۔

کاری کے راستے یہ سُود پوری معیشت میں سرائیت کر گیا اور ایسا کر گیا کہ اب وہ معاشی جسم میں روح کی مانند موجود ہے۔ سود ختم تو سرمایہ دارانہ معاشی نظام ختم۔ یہی وجہ ہے کہ آج معیشت کے طالب علم کو اسلامی بنک کاری یا اسلامی معاشی نظام ناممکن تصورات لگتے ہیں، کیوں کہ جب وہ انھیں سود کے بغیر تصور کرتا ہے تو اُسے نظام مردہ دکھائی دیتا ہے کہ سود کے بغیر تو یہ ادارے چل ہی نہیں پائیں گے۔ جس تناظر اور پس منظر میں وہ دیکھتے ہیں شاید وہاں سے ایسا ہی دکھائی دیتا ہے، کیوں کہ دینِ اسلام کا حقیقی پس منظر اُن کی نگاہوں سے اوجھل کر دیا گیا ہے۔

خلاصہ یہ کہ مغرب کا تصورِ حیات پورے سسٹم پر اپنی چھاپ چھوڑتا ہے اور اسے متأثر کرتے ہوئے اپنے رنگ میں ڈھالتا ہے۔ بنک کاری کا نظام اگرچہ اپنی وضع میں ایک بہترین نظام تھا، لیکن مغربی مادی تصورِ حیات نے مذہبی و اخلاقی پابندیوں سے آزاد کرتے ہوئے اُس میں سود کا عنصر غالب کر کے انسانیت کی خدمت کے بجائے اُسے ایک استحصالی نظام میں بدل کر رکھ دیا۔ اس لیے بنک کاری نظام کو اپنی اصل کے اعتبار سے ”استحصالی نظام“ کہنا زیادہ مناسب ہے۔

عالمی سطح پر اسلامی بنک کاری کا ارتقا

بنک کاری کا تصور عرف و تعامل اور معاشرتی ضروریات و حاجیات کی بنیاد پر بہ تدریج فروغ پاتا رہا جیسا کہ سابق میں واضح ہو چکا ہے، اس لیے یہ ایک بہترین تصور ہے جو فرد سے لے کر اداروں تک کے لیے مختلف الجہات آسانیوں اور سہولتوں کا سبب بنتا ہے۔ اگر اس نظام کو سرمایہ داریت کی موجودہ خرابیوں سے دور کر کے خالص اسلامی اصولوں کی بنیاد پر چلایا جائے تو یہ ایک بہترین نظام بن سکتا ہے۔

بیسویں صدی کے اوائل میں اسلامی معیشت دانوں اور فقہانے مسلم ممالک میں سود پر مبنی بنک کاری اور مالی نظام پر تنقید شروع کی اور بہ تدریج اسلامی بنک کاری اور مالیاتی نظام کا تصور پیش کرنا شروع کیا۔ انھوں نے نظامِ معیشت کے لیے اسلامی طریقوں پر مبنی بنک کاری نظام کی ضرورت کو محسوس کیا اور اُس کی طرف اُمت کی توجہ دلائی تاکہ بنک کاری نظام کے قیام میں بھی اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے احکام کی پابندی کی جا سکے۔ ۱۹۶۰ء کی دہائی میں علمائے اسلام کے پاس دو راستے تھے کہ یا تو وہ ہاتھ پہ ہاتھ دھرے بیٹھے رہیں اور مہدی منتظر کے نظامِ خلافت کا انتظار کریں، یا پھر وہ خود مختلف جہات میں اسلامی نظام کے احیا کی کاوشیں شروع کریں۔ چناں چہ اُس وقت کے مخلص مبارک اذہان نے دوسرے راستے کا انتخاب کیا اور علمی بنیادوں پر اپنی کاوشیں شروع کر دیں اور یہی وہ زمانہ تھا جس میں ”تنظیم تعاون اسلامی“ کے نام سے امتِ مسلمہ کا اتحاد بھی وجود میں آیا۔

اس کے ارتقا کو پانچ مراحل میں تقسیم کیا جا سکتا ہے: پہلا مرحلہ: ۱۹۷۷ء سے پہلے، دوسرا مرحلہ: ۱۹۷۷ء سے ۱۹۹۰ء تک، تیسرا مرحلہ: ۱۹۹۰ء سے ۲۰۰۰ ء تک، چوتھا مرحلہ: ۲۰۰۰ ء سے ۲۰۰۸ ء تک، اور پانچواں مرحلہ: ۲۰۰۸ء سے لے کر موجودہ دور تک۔

پہلا مرحلہ (۱۹۷۷ سے پہلے)

۱۹۷۷ سے قبل ابتدائی مرحلے میں، اسلامی قانون کے اصولوں کی پیروی کرنے والا پہلا جدید بنک کاری منصوبہ ۱۹۵۰ ء کی دہائی کے آخر میں پاکستان کے ایک دیہی علاقے میں قائم کیا گیا تھا۔[۴]

جدول ا-



مصر نے اسلامی مالیاتی اصولوں اور ماڈلز کو پہلی بار مت غمر سیونگ بنک (دریائے نیل کے ڈیلٹا میں) اور اور ملائیشیا نے تبونگ حاجی کے طور پر ۱۹۶۳ میں ایک ساتھ لاگو کیا۔[۵] اسلامی مالیات کو ایک علاحدہ نظام کے طور پر متعارف کرانے کی یہ ابتدائی کوششیں تھیں۔ مت غمر سیونگ بنک نے ساٹھ ہزار (۶۰۰۰۰) ڈپازٹرز کو اپنی طرف متوجہ کیا۔ ۱۹۶۶ ء تک اس کی چار نئی شاخیں کھل چکی تھیں۔[۶] یہ جدید اسلامی مالیات میں ابتدائی تجربات تھے جو بد قسمتی سے اپنے غیر پائیدار کاروباری ماڈلز کی وجہ سے ناکام ہوگئے۔ ان بنکوں کے آپریٹنگ اخراجات ان کی آمدنی سے زیادہ تھے اور وہ جلد ہی مزید کام کرنے سے قاصر ہوگئے۔ یہ تجربہ ۱۹۶۷ ء تک جاری رہا۔[۷] اگر

4– Roy, D. A. (1991). Islamic banking. *Middle Eastern Studies*, *27*(3), 427-456.

5– Setiawan, R. A. (2021). Why an Interest-Free Economy was instituted from Early Religious Zeal. *Australian Journal of Islamic Studies*, 6(2), 31-48.

6– Roy, D. A. (1991). Islamic banking. *Middle Eastern Studies*, *27*(3), 427-456.

7– Orhan, Z. H. (2018). Mit Ghamr savings bank: a role model or an irreplicable utopia? *İnsan ve Toplum*, *8*(2), 85-102.

حکومتوں نے ان اداروں کو ضروری مدد فراہم کی ہوتی تو یہ کام یاب کہانیاں بن سکتی تھیں۔ مثال کے طور پر، **ناصر سوشل بنک** کو انور السادات کے صدارتی حکم کے تحت ۱۹۷۳ء میں مصر میں قائم کیا گیا، جس کے لیے ابتدائی طور پر ساڑھے تین ملین (۳۵۰۰۰۰) امریکی ڈالر کے عطیات دیے گئے، تا کہ وہ مکمل اسلامی اصولوں کے تحت کام کرے۔[۸]

دنیا نے اسلامی مالیات کے نئے تصور کو اپنایا اور اس کی حوصلہ افزائی کی۔ فلپائن کے صدر نے ۱۹۷۳ء میں فلپائن امانہ بنک (PAB) کے قیام کا حکم دیا تا کہ مسلمانوں کو سود کے بغیر ان کی مالی ضروریات پوری کرنے میں سہولت فراہم کی جا سکے۔ ۱۹۸۹ء میں اس کا نام بدل کر "الامانہ اسلامک انویسٹمنٹ بنک آف فلپائن" رکھ دیا گیا۔ تاہم، یہ صرف اسلامی ترقیاتی بنک (IsDB) جدہ تھا جو ۱۹۷۵ء میں اسلامی ممالک کے سماجی و اقتصادی اشاریے (Socio-Economic Index) کی بہتری کے اعلیٰ مقصد کے ساتھ قائم کیا گیا تھا۔[۹] اس نے ایک نئے بنک کاری نظام کی بنیاد رکھی اور کسی شریعہ ایڈوائزری بورڈ کے بغیر مروجہ نظام کے اسلامی متبادل (مالیاتی طریقے) متعارف کروائے۔ تاہم ضرورت پڑنے پر فقہاے کرام سے رہ نمائی طلب کر لیا کرتے تھے۔[۱۰] اس وقت تیل کی آمدنی اور پیٹرو ڈالرز کے جمع ہونے سے شرعی مطابقت کی حامل مصنوعات کی طلب میں اضافہ ہوا اور صرف اسلامی ترقیاتی بنک جدہ شرعی مطابقت کی حامل مصنوعات کا سب سے بڑا فراہم کنندہ بن گیا اور اس کاروباری موقع سے خوب استفادہ کیا۔[۱۱]

اسلامی ترقیاتی بنک جدہ کی کام یابی کی کہانی نے اسلامی بنکوں کے ایک سلسلے کے قیام کی راہ ہموار کی، چناں چہ فیصل اسلامی بنک (سوڈان) اور کویت فنانس ہاؤس (کویت) دونوں ۱۹۷۷ء میں منظر عام پر آئے۔[۱۲]
~~پہلے مرحلے کو اسلامی بنک کاری کے تولد کا مرحلہ سمجھا جا سکتا ہے۔~~

8– El-Husseini, I. A. (1988). *Islamic financial principles and their application in project financing* (Doctoral dissertation, Massachusetts Institute of Technology).

9– Chachi, A. (2005). Origin and development of commercial and Islamic banking operations. *Journal of King Abdulaziz University: Islamic Economics*, *18*(2).

10– Kahf, M. (2004). Islamic Banks: The Rise of a New Power Alliance of Wealth and Shari'a Scholarships. In Clement M. Henry and Rodney Wilson (eds), *The Politics of Islamic Finance* (Edinburgh University Press, 2004), 17–36.

11– Iqbal, Z., & Mirakhor, A. (2011). *An introduction to Islamic finance: Theory and practice* (Vol. 687). John Wiley & Sons. P: 27, 32.

12– Wilson, R. (2005). The evolution of Islamic banking and emerging trends in Islamic finance. Paper presented at the Mauritius Islamic Finance Forum.

مرحلے کو اسلامی بنک کاری کے تولد کا مرحلہ سمجھا جاسکتا ہے۔

دوسرا مرحلہ (۱۹۷۷ء سے ۱۹۸۹ء)

اسلامی بنک کاری صنعت نے اپنے دوسرے مرحلے، یعنی ۱۹۷۷ء سے ۱۹۸۹ء کے دوران میں تیزی سے ترقی کی ہے۔ ۱۹۸۰ء کی دہائی میں، دنیا بھر میں اسلامی بنکوں کا ایک سیلاب آیا (جدول ۱)۔ عالمی اسلامی مالیاتی اثاثے ۱۹۸۰ء کی دہائی کے وسط تک ۵ بلین ڈالر کی سطح کو چھو گئے۔[۱۳] نومبر ۱۹۸۵ میں، جدہ میں منعقدہ اجلاس میں اسلامی فقہ اکیڈمی نے او آئی سی کے تمام رکن ممالک سے اپیل کی کہ وہ اسلامی بنک کاری کو فروغ دیں۔[۱۴]

اسلامی ترقیاتی بنک (IsDB) کا قیام اسلامی بنک کاری صنعت کی ترقی میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوا۔ اسلامی ترقیاتی بنک نے معاصر شرعی اصولوں کے مطابق مالیاتی طریقوں کی مالی انجینئرنگ کے ذریعے اسلامی بنک کاری کی ترقی میں بھرپور حصہ ڈالا اور ۱۹۷۰ء اور ۱۹۸۰ ء کی دہائیوں میں نجی شعبے میں اسلامی مالیاتی اداروں کے قیام کی حمایت کی۔[۱۵] اس مرحلے کے اختتام تک، اسلامی مالیاتی صنعت (IFI) نے ترقی کی اور اپنے مختلف پہلوؤں جیسے کیپیٹل مارکیٹ کی پروڈکٹ (صکوک)، اثاثہ جات کا انتظام، مضاربہ کمپنیاں، مائیکروفنانسنگ ادارے، کوآپریٹوز، نجی ایکویٹی اور وینچر کیپیٹل فرمیں، پروجیکٹ فنانس، سرمایہ کاری بنک، تکافل اور ری تکافل (اسلامی انشورنس) کو فروغ دیا۔[۱۶] اس مرحلے میں تین مالیاتی مارکیٹوں کا آغاز ہوا: میوچل فنڈز، اسلامی انڈیکس اور کارپوریٹ صکوک۔[۱۷] موجودہ لٹریچر سے معلوم ہوتا ہے کہ اس مرحلے پر اسلامی بنک کاری صنعت کو ضوابط، شریعت کی نگرانی اور مالیاتی معیارات کے مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ اسلامی مالیاتی صنعت کو پہلے دو مراحل کے دوران میں درپیش مسائل اور چیلنجوں کے پیش نظر، IsDB نے مارچ ۱۹۸۷ ءمیں استنبول میں اپنے بورڈ آف گورنرز کے

13– Iqbal, Z. (1997). Islamic Financial System. Finance & Development, June, 1997, 42-45.

14– Galloux, M. (1997). *Finance islamique et pouvoir politique: le cas de l'Egypte modern*. Paris: Presses Universitaires de France. P.162.

15– IsDB. (2008). Islamic Development Bank-Annual Report-1429H. p. 69.

16– Kuwait Finance House. (2013). Islamic Finance in Asia: Development, Growth and Opportunities. p. 5

17– COMCEC. (2016). National and Global Islamic Financial Architecture: Problems and Possible Solutions for the OIC Member Countries. The Standing Committee for Economic and Commercial Cooperation of the Organization.

سالانہ اجلاس میں ایک ورکنگ پیپر پیش کیا، جو بالآخر ۱۹۹۱ء میں اسلامی مالیاتی اداروں کے لیے اکاؤنٹنگ اور آڈیٹنگ تنظیم (ایوفی) کے قیام کی بنیاد بنا۔

جدول: ۱۹۷۷ سے ۱۹۹۰ تک وجود میں آنے والے اسلامی بنک اور اسلامی مالیاتی ادارے

Sr#	Bank/Financial Institution	Country	Year
1	Islamic Banking System International Holdings	Luxembourg	1978
2	Jordan Islamic Bank	Jordan	1978
3	Bahrain Dar al-Mal al-Islami	Switzerland	1981
4	Islamic Inv. Company Bahrain	Bahrain	1981
5	Islamic International Bank for Investment & Development	Egypt	1981
6	Islamic Investment House	Jordan	1981
7	Al-Baraka Investment and Development Company	Saudi Arabia	1982
8	Saudi-Philippine Islamic Development Bank	Saudi Arabia	1982
9	Faisal Islamic Bank Kirbis	Turkey	1982
10	Bank Islam Malaysia Bhd	Malaysia	1983
11	Islamic Bank Bangladesh Ltd	Bangladesh	1983
12	Islamic Bank International	Denmark	1983
13	Tamadon Islamic Bank	Sudan	1983
14	Qatar Islamic Bank	Qatar	1983
15	Beit Ettamouil Saudi Tounsi	Tunisia	1984
16	West Sudan Islamic Bank	Sudan	1985
17	Albaraka Turkish Finance House	Turkey	1985
18	Faisal Finance Institution	Turkey	1985
19	Al Rajhi Company for Currency Exchange & Commerce	Saudi Arabia	1985
20	Al-Ameen Islamic & Financial Investment Corp. India Ltd.	India	1985
21	The Amana Income Fund	USA	1986

تیسرا مرحلہ (۱۹۹۰ء سے ۲۰۰۰ء)

۱۹۹۰ء کی دہائی میں، اسلامی ترقیاتی بنک (IsDB) نے اسلامی مالیاتی ڈھانچے کی مضبوط بنیادیں قائم کرنے کے مقصد سے کئی بنیادی اداروں (یا خصوصی اداروں) کے قیام میں ایک رہ نما معاون کا کردار ادا کیا۔ ۱۹۹۰ء[۱۸] کی دہائی کے دوران میں اسلامی بنک کاری ادارے زیادہ تخلیقی ہو گئے اور جدید کاروباری ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مزید پیچیدہ آلات اور ڈھانچے تیار کیے، جس نے دنیا کو تیزی سے اپنی طرف متوجہ کیا۔[۱۹]

18– SDB, 2008.

19– Khan, M. F., & Porzio, M. (Eds.). (2010). *Islamic banking and finance in the European Union: a challenge*. Edward Elgar Publishing. 134.

IsDB نے ۱۹۹۱ میں عالمی سطح پر اسلامی مالیات میں مدد کے لیے ایوفی کے قیام میں قائدانہ کردار ادا کیا۔ "انٹر نیشنل ایسوسی ایشن آف اسلامک بنکس" نے ۱۹۹۶ ءمیں ۱۶۶اسلامی بنکوں کے اثاثوں کا تخمینہ ۱۳۷ بلین امریکی ڈالر لگایا[۲۰] اور۱۹۹۷ءمیں ۱۴۷ بلین امریکی ڈالر سے بڑھ کر ۲۰۰۱ ءتک تقریباً ۱۷۴ بلین امریکی ڈالر تک پہنچ گئے، جو ۱۷۹ اسلامی بنکوں کے لیے تھے۔ مسلم سرمایہ کاروں کی طلب کو پورا کرنے کے لیے، ۱۹۹۹ء میں ڈاؤ جونز اسلامی انڈیکس بھی لانچ کیا گیا۔[۲۱]

چوتھا مرحلہ (۲۰۰۰ء–۲۰۰۸ء)

اسلامی مالیاتی خدمات بورڈ (IFSB) کی بنیاد "چند مرکزی بنکوں اور اسلامی ترقیاتی بنک" نے مل کر ۳ نومبر ۲۰۰۱ءکو رکھی۔ اس مرحلے کے آغاز اور اختتام پر بنک کاری اور مالیاتی ادارے بحرانوں سے گھرے ہوئے تھے جیسے امریکہ میں ۱۱ستمبر ۲۰۰۱ء کا واقعہ اور ۲۰۰۷-۰۸ء کے مالیاتی بحران۔[۲۲]

لٹریچر اس بات کے شواہد فراہم کرتا ہے کہ اسلامی مالیاتی صنعت نے اس مشکل مرحلے کے دوران میں تیز رفتاری سے ترقی کی اور روایتی سودی اداروں کے مقابلے میں زیادہ مضبوط ثابت ہوئی۔[۲۳]

اس مرحلے کے دوران میں، اسلامی مالیات نے یورپ اور شمالی افریقہ کے بڑے بڑے بنکوں[۲۴] کو اپنی طرف متوجہ کیا ۔[۲۵] عالمی اسلامی مالیاتی اثاثے تیزی سے بڑھ رہے تھے اور ۲۰۰۷ء میں ٦٦٠ بلین امریکی ڈالر سے بڑھ کر ۲۰۰۸ء کے آخر تک ۸۲۲ بلین امریکی ڈالر تک پہنچ گئے۔ اسلامی ترقیاتی بنک کے رکن خلیجی ممالک میں اسلامی بنکوں کے اثاثے ۲۰۰۷ءکے دوران میں ۴۸٪ بڑھ کر نومبر ۲۰۰۸ء میں ۲۶۳ بلین امریکی ڈالر تک پہنچ گئے۔ اسی عرصے کے دوران میں ایشیا کے خطے میں یہ اثاثے ۳۲٪ بڑھ کر ٦۷ بلین امریکی ڈالر تک پہنچ گئے۔ دوسری طرف عالمی روایتی سودی بنک کاری اور مالیاتی اداروں کو ۲۰۰۸ء میں ۵۰ ٹریلین امریکی ڈالر کا نقصان ہوا

20– Warde, I. (2000). *Islamic finance in the global economy*. Edinburgh University Press. P. 7.

21– COMCEC (2016).

22– Kayed, R. N., & Hassan, M. K. (2011). The global financial crisis and Islamic finance. *Thunderbird International Business Review*, *53*(5), 551-564.

23– Alqahtani, F., & Mayes, D. G. (2017). The global financial crisis and Islamic banking: The direct exposure to the crisis. *Banks & bank systems*, 12(3), 100-112.

24– HBSC, Deutsche, UBS, Islamic Bank of Britain, European Islamic Bank, BNP Paribas Najma.

25– https://www.invivoo.com/en/the-fundamentals-of-islamic-finance/ (Accessed at September 02, 2024).

جو۲۰۰۸ء میں دنیا کے ایک سال کے مجموعی جی ڈی پی کے برابر تھا۔۲۰۰۷-۰۸ء کے دوران میں عالمی سطح پر اسلامی مالیاتی اداروں کے اثاثوں میں ۳۸٪ اور منافع میں ۲۱٪ اضافہ ہوا، جب کہ روایتی سودی شعبے نے ۲۰۰۷ء میں ۷۱٪ ترقی اور ۲۰۰۸ء میں ۱،۶٪ گراوٹ ظاہر کی۔ یہ اعداد و شمار اسلامی مالیاتی نظام کی پائیداری کو ظاہر کرتے ہیں۔مالیاتی بحران سے متعلق اسلامی مالیاتی اداروں پر تحقیق کرنے والے محققین نے چند اہم عوامل کی نشان دہی کی جو اسلامی مالیاتی اداروں (IFIs) کو مالیاتی بحران کے تباہ کن اثرات سے بچاتے ہیں ، جیسا کہ ”ناجائز مالیاتی اثاثوں“ سے گریز،دَین پر مبنی شرعی مطابقت کی حامل پروڈکٹس، شرعی نگرانی کا طریقہ کار اور سود (ربا) کی ممانعت۔

پانچواں مرحلہ (۲۰۰۸ء سے ۲۰۲۴ء)

۲۰۰۷-۰۸ء کے مالیاتی بحران سے جہاں روایتی سودی مالیاتی نظام کی کمزوری واضح ہوئی وہاں اسلامی مالیاتی نظام نے تیز شرحِ ترقی دکھا کر اپنی پائیداری کو واضح کیا ہے۔۲۰۰۸ء میں عالمی سطح پر اسلامی مالیات کے مجموعی اثاثہ جات کا حجم ۲۶۳ بلین امریکی ڈالر تھا جو ۲۰۱۵ء میں ۲ٹریلین امریکی ڈالر تک پہنچ چکا تھا۔ اسلامک فنانس ڈیولپمنٹ رپورٹ ۲۰۲۳ء کے مطابق،عالمی اسلامی مالیاتی صنعت نے ۲۰۲۲ء میں اپنے اثاثوں کا حجم ۱۱٪ بڑھا کر ساڑھے چار ٹریلین امریکی ڈالر تک پہنچا دیا، جس میں اسلامی بنک کاری کا حصہ عالمی اسلامی مالیاتی صنعت کے مجموعی اثاثوں کا ۷۲٪ تھا۔اس صنعت نے ۲۰۱۲ء سے ۱۶۳٪ ترقی کی اور ۲۰۲۷ء تک تقریباً ۷ ٹریلین امریکی ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔[۲۶]

دنیا بھر میں اسلامی مالیاتی نظام میں مصروف اسلامی ممالک کی تعداد تقریباً ۹۰ ہے، جن میں سے تقریباً ۵۰ مسلم ممالک ہیں۔ اکثر مسلم ممالک میں، اسلامی بنک کاری کا نظام روایتی بنکنگ کے نظام کے متوازی چل رہا ہے۔اسلامی مالیات پر ۲۰۲۳ء کی رپورٹ کے مطابق اس وقت اسلامی مالیاتی صنعت میں کل ۲۲۳۳ اسلامی مالیاتی ادارے شامل ہیں، جو مختلف شعبہ جات (بنکنگ، سرمایہ بازار، تکافل وغیرہ) میں شرعی تعلیمات سے مطابقت رکھنے والی مصنوعات اور خدمات پیش کر رہے ہیں۔ دنیا بھر میں کل ۶۱۰ اسلامی بنک ہیں جن میں سے ۳۳۶ مکمل اسلامی بنک ہیں اور ۲۷۴ صرف اسلامک ونڈوز ہیں۔[۲۷] عالمی ادارے کی ایک رپورٹ کے مطابق عالمی سطح پر اسلامی

26– https://solutions.lseg.com/IslamicFinance_ICD_LSEG (Accessed at September 02, 2024)

27– ICD - LSEG Islamic Finance Development Report 2023. https://icd-ps.org/uploads/files/ICD_LSEG_IFDI_REPORT_20231715587354_1336.pdf

بنکوں میں ۴۲۸ کمرشل، ۵۸ انویسٹمنٹ، ۲۵ ہول سیل اور ۱۹ مخصوص بنک ہیں۔[۲۸] اس وقت اسلامی بنک کاری سسٹم کے حوالے سے تقریباً ۱۲ ممالک اسلامی مالیاتی خدمات بورڈ (IFSB) اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (IMF) کے لیے اہم ہیں۔ ان میں ایران، سوڈان، سعودی عرب، قطر، برونائی، اردن، جبوتی، بنگلہ دیش، متحدہ عرب امارات، ملائیشیا، بحرین، اور کویت شامل ہیں۔

مندرجہ بالا تمام اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ اسلامی بنک کاری نہ صرف اسلامی دینا میں عملی طور پر کام یاب ہے، بلکہ کئی بین الاقوامی بنک جن کا تعلق مغربی معیشت سے ہے، انھوں نے بھی اسلامی بنک کاری کو اپنانا شروع کر دیا ہے اور اس نظام میں بہ تدریج شامل ہو رہے ہیں۔ اس کے علاوہ بڑھتی ہوئی تعداد میں مغربی سرمایہ کار کمپنیاں اب دنیا بھر کے سرمایہ کاروں کو اسلامی سرمایہ کاری کی مصنوعات پیش کر رہی ہیں۔

اسلامی مالیات میں بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (IMF) کی دل چسپی

عمومی طور پر، آئی ایم ایف نے روایتی بنکنگ سسٹمز پر توجہ دیتا رہا ہے اور اسلامی بنک کاری نظام کے استعمال کی حمایت نہیں کی۔ مشرق وسطیٰ اور شمالی افریقہ (MENA) کے ممالک کے ساتھ اپنے بڑھتے ہوئے روابط کے بعد، آئی ایم ایف نے اسلامی بنک کاری کو تدریجی طور پر اہم سمجھنا شروع کر دیا ہے۔ پہلے شرعی اصولوں کی پیچیدگیوں سے خائف رہنے کے بعد، آئی ایم ایف اب اپنے معاملات میں اسلامی بنک کاری کے قوانین کو مستقل طور پر لاگو کرنا چاہتا ہے اور ان کے اطلاق کو عالمی مالیاتی منڈیوں میں حوصلہ افزا بنانا چاہتا ہے۔ ورلڈ بنک اور آئی ایم ایف اسلامی بنک کاری کی ترویج کو مالیاتی منڈیوں کی شمولیت، استحکام اور طاقت کو بڑھانے کی کوشش کے طور پر دیکھتے ہیں، تاکہ نئے اور مضبوط مالیاتی ذرائع بنائے جا سکیں۔ ۲۰۱۷ء سے آئی ایم ایف نے اسلامی بنک کاری میں دل چسپی لینا شروع کر دی ہے۔ جن ممالک میں اسلامی بنک کاری موجود ہے آئی ایم ایف نے اُن سے مطالبہ کیا ہے کہ اس نظام کو مزید بہتر کرنے میں جامع پالیسی اختیار کریں اور ساتھ ہی ساتھ آئی ایم ایف نے اپنے عملے کو بھی ہدایات جاری کی ہیں کہ دیگر بین الاقوامی اداروں کے ساتھ تعاون بڑھائیں تاکہ اسلامی بنک کاری کے لیے متعلقہ معیارات کے نفاذ کو بہتر بنایا جا سکے اور باقی رہ جانے والے قانونی سطح کے مسائل کو دور کیا جا سکے۔[۲۹]

(Accessed at September 02, 2024)

28– ICDREFINITIV Islamic Finance Development Report 2020.

29– Shabsigh, G., Ross L., and Zeine. (2017). Islamic Banking Proposals Get IMF Approval. (Accessed at October 17, 2024: https://www.imf.org/en/Blogs/Articles/2017/02/21/islamic-banking-proposals-get-imf-approval).

اسلامی مالیات کی ترویج میں اسلامی ترقیاتی بنک (IsDB)

پچھلے چند سالوں میں، عالمی مالیاتی ادارے جیسے کہ عالمی بنک، ایشیائی ترقیاتی بنک، اسلامی ترقیاتی بنک نے انفراسٹرکچر، سرمایہ بازار، مالیاتی بازار سے متعلق منصوبوں کے لیے شرعی تعلیمات سے مطابقت رکھنے والے طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے مالی معاونت فراہم کی ہے۔ ان میں سے چند مثالیں درج ذیل ہیں:[۳۰]

۱. اکتوبر ۲۰۱۵ء میں اسلامی ترقیاتی بنک اور عالمی بنک نے ایک "ڈیپ ڈائیو انیشی ایٹو" (DDI) نامی شراکت داری فریم ورک کے تحت ایک سمجھوتے پر دست خط کیے، جس کا مقصد مشترکہ رکن ممالک میں ترقیاتی امداد کو بڑھانا تھا۔ ۲۰۱۶ء میں، اس شراکت داری کے تحت کیمرون کے ساحلی علاقوں میں زراعت، انڈونیشیا میں زراعت اور انفراسٹرکچر، فلسطین اور پاکستان میں، اور پانی (کرغیزستان اور مالی) کے آٹھ منصوبوں کے لیے مشترکہ طور پر ۲.۵ بلین ڈالر کی مالی اعانت فراہم کی گئی، جس میں IsDB کی طرف سے ۹۱۰ ملین ڈالر اور WB سے ۱.۵ بلین ڈالر شامل تھے۔

۲. اسلامی ترقیاتی بنک (IsDB) نے ایشیائی ترقیاتی بنک (ADB) کے ساتھ مل کر ایک شرعی مطابقت رکھنے والا 'ایکویٹی فنڈ' قائم کیا ہے۔ جس کا نام اسلامی انفراسٹرکچر فنڈ (IIF) ہے۔ اس فنڈ کا مقصد "عوامی اور نجی شعبہ کے ایکویٹی فنڈز کے اجرا کو آسان بنانے اور بیرونی سرمایہ کاری کو راغب کرنے میں سہولت دینا" ہے، جو کہ بارہ مشترکہ رکن ممالک (افغانستان، آذربائیجان، بنگلہ دیش، انڈونیشیا، قازقستان، کرغیز جمہوریہ، ملائیشیا، مالدیپ، پاکستان، تاجکستان، ترکمانستان اور ازبکستان) کے لیے قابلِ عمل گا۔

۳. IsDB گروپ نے اپنے ارکان انٹرنیشنل اسلامی ٹریڈ فنانس کوآپریشن (ITFC)، اسلامی سولیڈیریٹی فنڈ برائے ترقی، اور اسلامی تعاون برائے ترقی شعبہ خانگی (ICD) کے ذریعے بھی فنڈنگ فراہم کی۔ اکتوبر ۲۰۱۵ء سے دسمبر ۲۰۱۶ء تک ICD نے نجی شعبہ کی ترقی کے لیے ۸۲۴ ملین امریکی ڈالر فراہم کیے، جس سے ۲۳ ممالک میں ۳۸ منصوبوں کی مالی معاونت کی گئی۔

۴. زیادہ تر خود مختار ریاستوں کے بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے ساتھ لین دین روایتی مالیاتی طریقوں پر مبنی ہوتا ہے، تاہم کچھ معاملات میں بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے ذریعے شرعی مطابقت پر مبنی طریقوں سے مخصوص منصوبے کے لیے مالیات فراہم کی جاتی ہے جیسے اسلامی ترقیاتی بنک وغیرہ۔

۳۰۔ اسلامی ترقیاتی بنک سے متعلق یہ تمام اعداد و شمار اس کی مختلف سالانہ رپورٹس سے حاصل کیے گئے ہیں۔

۵. ایک ایسا منصوبہ پاکستان میں انفراسٹرکچر سے متعلق تھا، جس میں اسلامی ترقیاتی بنک نے کشمیر کے ایسے علاقے کی تعمیر نو پر توجہ مرکوز کی، جو ۲۰۰۵ء کے تباہ کن زلزلے کا مرکز تھا۔ اس منصوبے کے دوران میں پاکستانی حکومت کے قائم کردہ زلزلہ تعمیر نو اور بحالی اتھارٹی(ERRA) کے ساتھ مل کر، اسلامی ترقیاتی بنک نے ۸۰ ملین ڈالر کا باسہولت قرض فراہم کیا، جس کا مقصد خطے کے مختلف حصوں میں ۳۰۸۰۰ گھروں کی تعمیر تھا۔ ۲۰۰۷ء میں منصوبے کے دوسرے مرحلے کے دوران میں، استصناع فنانسنگ Istisna Financing کے ذریعے ۱۲۷ ملین ڈالر کی رقوم فراہم کی گئیں، جس کا مقصد مزید ۵۷۰۰۰ گھروں کی تعمیر تھا۔ تیسرے مرحلے کے دوران میں، ۹۳ ملین ڈالر کی سرمایہ کاری سڑکوں اور پلوں کی تعمیر، صحت کی سہولیات کی فراہمی اور بجلی پیدا کرنے کے لیے دی گئی۔

عالم اسلام میں جدید تحقیقی اداروں کا ارتقا

اسلامی معاشی و مالیاتی نظام کی ترویج کے نتائج انتہائی مثبت رہے۔ اس حوالے سے عالم اسلام کے ذمے دار افراد نے امت کی سطح پر عالمی تحقیقی اداروں کی داغ بیل ڈالنے کا عزم کیا۔ اُن جدید تحقیقی اداروں نے اسلامی مالیات کی ترویج و ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اِن اداروں نے اسلامی مالیات کے اصولوں کو جدید بین الاقوامی معیارات کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان اداروں نے اسلامی مالیات کی نظریاتی بنیادوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تحقیقی، تعلیمی، اور مشاورتی خدمات فراہم کی ہیں، جس سے اسلامی مالیاتی اداروں کو عالمی مالیاتی نظام میں اپنی جگہ مستحکم کرنے میں مدد ملی ہے۔ اس ارتقا نے اسلامی مالیاتی خدمات کی بین الاقوامی سطح پر شناخت بڑھانے اور عالمی معیشت میں اسلامی مالیات کا کردار مزید واضح کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان اداروں میں ''مجمع الفقہ الاسلامی جدہ اور ایوفی'' عالمی سطح پر بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں، تاہم فقہ اکیڈمی انڈیا اور مجلس شرعی جامعہ اشرفیہ مبارک پور بھی اس میدان میں قابل قدر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

مجمع الفقه الإسلامي الدولي جده

مکہ مکرمہ میں منعقد ہونے والی اسلامی تعاون تنظیم(OIC) کے رکن ممالک کی عمومی کانفرنس(۲۶-۲۸ شعبان ۱۴۰۳ ہجری بمطابق ۷-۹ جون ۱۹۸۳ء) میں مجمع الفقه الإسلامي الدولي کی تشکیل ہوئی۔ اس کانفرنس میں شاہ فہد بن عبد العزیز نے اپنے افتتاحی خطاب میں امتِ مسلمہ کی مشکلات کا ذکر کیا اور اس بات پر زور دیا کہ اسلام ایک ایسا دین ہے جو عقل کو مخاطب کرتا ہے، مختلف شعبوں میں ترقی کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور

معاصر دور کے مسائل کے حل کے لیے اسلامی شریعت کے اصولوں کی طرف رجوع کرنے پر زور دیتا ہے۔ ان کی تقریر میں اسلامی شریعت کے قوانین کی تشریح اور ان پر عمل درآمد کی ضرورت پر زور دیا گیا تاکہ مسلمانوں کی زندگی، املاک اور عزت کی حفاظت کی جا سکے۔

مجمع الفقه الإسلامي کا صدر دفتر جدہ، سعودی عرب میں واقع ہے۔ اس کے اراکین میں ممتاز مسلم فقہا، علما، محققین، اور دانش ور شامل ہیں جو اسلامی دنیا کے مختلف حصوں سے تعلق رکھتے ہیں اور جن کا تخصص فقہ، ثقافت، تعلیم، سائنس، معیشت، اور سماجی علوم میں ہے۔ مجمع الفقه الإسلامي کو یہ ذمے داری سونپی گئی ہے کہ وہ قرآن مجید اور سنت رسول ﷺ کی روشنی میں مکمل آزادی کے ساتھ مسلمانوں کو درپیش مسائل پر شریعت کے احکام و قوانین کو واضح کرے۔ یہ ادارہ معاصر زندگی کے مسائل کا جائزہ لے کر مستند اور مؤثر اجتہاد کا عمل کرتا ہے تاکہ اسلامی ورثے سے جڑے ہوئے اور اسلامی فکر کی ترقی کے ساتھ ہم آہنگ حل فراہم کیے جا سکیں۔ مجمع الفقه الإسلامي نے اپنے قیام کے بعد سے اسلامی مالیات کے میدان میں گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں۔ اس نے اسلامی بنک کاری اور مالیاتی اداروں کے لیے شریعت کے مطابق اصول وضوابط مرتب کیے ہیں، جنھوں نے اسلامی مالیات کو ترقی کی راہ پر گام زن کیا ہے۔ مجمع نے صکوک (اسلامی بانڈز) اور دیگر مالیاتی مصنوعات پر تحقیق کی ہے اور ان کے شریعت کے مطابق ہونے پر رہ نمائی فراہم کی ہے۔[۳۱]

اسلامی فقہ اکیڈمی اسلامی مالیات کے نظام میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے، جو اسلامی مالیاتی اداروں اور بنکوں کے لیے شرعی رہ نمائی فراہم کرتی ہے۔ اکیڈمی نہ صرف اسلامی مالیاتی نظام کے اصولوں اور قواعد کی وضاحت کرتی ہے، بلکہ معاصر مسائل کے حل کے لیے اجتہادی فیصلے بھی پیش کرتی ہے۔ اسلامی مالیاتی اداروں کے شریعت نگران بورڈز کے ساتھ مل کر یہ اکیڈمی ان اداروں کو شریعت کے مطابق اپنے مالیاتی معاملات منظم کرنے میں مدد فراہم کرتی ہے، جس سے اسلامی مالیاتی نظام کو مستحکم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اکیڈمی کے اقدامات اسلامی مالیات کے نظام کو درپیش چیلنجوں کا حل فراہم کرتے ہیں اور اسلامی مالیاتی نظام کو عالمی مالیاتی نظام کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی کوششوں کو تقویت بخشتے ہیں۔[۳۲] مجمع الفقه الإسلامي الدولي کی کاوشیں اسلامی دنیا کے لیے اہم سنگ میل ہیں اور اس کے فیصلے اور فتاویٰ جات اسلامی ممالک کے لیے رہ نمائی کا ذریعہ بنے ہیں۔ اس کی

31– https://iifa-aifi.org/en/history-of-the-academy (Accessed at September 03, 2024).

32– https://iifa-aifi.org/en/33039.html (Accessed at September 03, 2024).

کوششوں نے اسلامی مالیات کو مستحکم کیا ہے اور اسے عالمی سطح پر فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اسلامی دنیا میں مجمع کی علمی خدمات کو ایک بلند مقام حاصل ہے اور اس کی کوششیں مستقبل میں بھی اسلامی مالیات اور دیگر معاصر مسائل کے حل میں معاون ثابت ہوں گی۔

هيئة المحاسبة والمراجعة للمؤسسات المالية الإسلامية

اکاؤنٹنگ اینڈ آڈیٹنگ آرگنائزیشن فار اسلامک فنانشل انسٹی ٹیوشنز (ایوفی) ایک بین الاقوامی تنظیم ہے۔ عربی میں اسے "هيئة المحاسبة والمراجعة للمؤسسات المالية الإسلامية" اور انگریزی میں اختصار کے ساتھ ایوفی (AAOIFI) کہا جاتا ہے۔ مارچ ۱۹۸۷ء میں استنبول میں ہونے والے اسلامی ترقیاتی بنک کے بورڈز آف گورنرز کے اجلاس میں ایک سادہ ورکنگ پیپر پر اس کی منظوری ہوئی۔ جس کے بعد اسلامی مالیاتی اداروں کے لیے معیارات کی بطریق احسن تیاری کے امکانات کا جائزہ لینے کے لیے کئی کمیٹیاں بنیں۔ ان کمیٹیوں کی تگ ودو سے کئی جائزے اور تحقیقات سامنے آئیں۔ بالآخر ۱۴۱۱ھ مطابق ۱۹۹۱ء میں ایوفی بہ طور ادارہ معرض وجود میں آیا اور بحرین میں ایک بین الاقوامی خود مختار غیر منافع بخش کارپوریٹ ادارے کے طور پر رجسٹر کیا گیا۔ اس کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:

۱. اسلامی مالیاتی اداروں میں اکاؤنٹنگ، آڈیٹنگ اور بنک کاری سرگرمیوں سے متعلق فکر کو فروغ دینا۔

۲. اسلامی مالیاتی اداروں میں اکاؤنٹنگ، آڈیٹنگ اور بنک کاری سرگرمیوں اور ان کے اطلاقات سے فکر ی تربیت، سیمینارز، وقفے وقفے سے شائع ہونے والے نیوز لیٹرز، تحقیق کی تیاری اور دیگر ذرائع کے ذریعے پھیلانا۔

۳. اسلامی مالیاتی اداروں کے لیے اکاؤنٹنگ اور آڈیٹنگ کے معیارات تیار کرنا، ان کا اجرا اور وضاحت کرنا تاکہ ان اداروں کے مالیاتی بیانات کی تیاری میں اپنائی گئی اکاؤنٹنگ پریکٹسز میں ہم آہنگی پیدا کی جا سکے اور اسلامی مالیاتی اداروں کے تیار کردہ مالیاتی بیانات کی آڈیٹنگ کے طریقۂ کار میں بھی ہم آہنگی پیدا کی جا سکے۔

۴. اکاؤنٹنگ اور آڈیٹنگ کے طریقوں میں ہونے والی جدید تبدیلیوں سے ہم آہنگ رہنے کے لیے اسلامی مالیاتی اداروں کے اکاؤنٹنگ اور آڈیٹنگ معیارات کا جائزہ لینا اور ان میں ترامیم کرنا۔

۵. اسلامی مالیاتی اداروں کے بنک کاری، سرمایہ کاری اور بیمہ پریکٹسز سے متعلق تجاویز و بیانات اور رہ نما اصول تیار کرنا، جاری کرنا، ان کا جائزہ لینا اور ان میں تبدیلیاں کرنا۔

۶. متعلقہ ریگولیٹری اداروں، اسلامی مالیاتی اداروں، اسلامی مالیاتی نظام میں خدمات پیش کرنے والے دیگر اداروں اور اکاؤنٹنگ اور آڈیٹنگ فرموں سے رابطہ کرنا تاکہ اکاؤنٹنگ اور آڈیٹنگ کے معیارات، بنک کاری، سرمایہ کاری اور بیمہ پریکٹسز سے متعلق تجاویز و بیانات اور رہ نما اصول جو ایوفی کے ذریعے شائع کیے گئے ہیں، کو نافذ کیا جا سکے۔

جنرل سیکریٹریٹ سیکریٹری جنرل اور تکنیکی و انتظامی یونٹس پر مشتمل ہوتا ہے۔ سیکریٹری جنرل ایوفی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہوتے ہیں۔ وہ جنرل اسمبلی، بورڈ آف ٹرسٹیز، اسٹینڈرڈز بورڈ، شریعہ بورڈ، ایگزیکٹو کمیٹی اور ذیلی کمیٹیوں کی سرگرمیوں کو مربوط کرتے ہیں اور ان کے رپورٹر کے طور پر کام کرتے ہیں۔ وہ روزمرہ کے امور اور سرگرمیوں کو چلانے کے ساتھ ساتھ ان مطالعات کے انعقاد اور نگرانی کی ذمے داری نبھاتے ہیں جو ایوفی کی جانب سے جاری کردہ بیانات، معیارات اور رہ نما اصولوں کی تیاری سے متعلق ہوتی ہیں۔ سیکریٹری جنرل کی ذمے داریوں میں ایوفی اور دیگر تنظیموں کے درمیان تعلقات کو مضبوط کرنا اور ایوفی کی کانفرنسوں، سیمینارز اور علمی اجلاسوں میں نمائندگی کرنا بھی شامل ہے۔

بورڈ آف ٹرسٹیز (BOT) عموماً اُنیس (۱۹) جز وقتی اراکین پر مشتمل ہوتا ہے، اس کے علاوہ سیکریٹری جنرل بھی شامل ہوتے ہیں، جنھیں جنرل اسمبلی کی جانب سے پانچ سال کی مدت کے لیے مقرر کیا جاتا ہے۔ بورڈ آف ٹرسٹیز کے اراکین مختلف شعبوں کی نمائندگی کرتے ہیں، جن میں ریگولیٹری اور سپروائزری ادارے، اسلامی مالیاتی ادارے، شریعہ سپروائزری بورڈز، وہ تنظیمیں اور ایسوسی ایشنز شامل ہیں جو اکاؤنٹنگ پیشے کے ضوابط / اکاؤنٹنگ اور آڈیٹنگ کے معیارات کی تیاری کی ذمے دار ہوتی ہیں، سرٹیفائیڈ اکاؤنٹنٹس اور اسلامی مالیاتی اداروں کے مالیاتی تجاویز و بیانات کے صارفین شامل ہیں۔ بورڈ آف ٹرسٹیز کم از کم سال میں ایک بار اجلاس کرتا ہے۔

ایگزیکٹو کمیٹی پانچ اراکین (چیئرمین اور ایک رکن بورڈ آف ٹرسٹیز سے، سیکریٹری جنرل، اکاؤنٹنگ اور آڈیٹنگ اسٹینڈرڈز بورڈ کے چیئرمین، اور شریعہ بورڈ کے چیئرمین) پر مشتمل ہوتی ہے۔ ایگزیکٹو کمیٹی کے پاس دیگر معاملات کے علاوہ، وَرک پلان، سالانہ بجٹ، مالیاتی بیانات اور بیرونی آڈیٹر کی رپورٹ پر بحث کرنے کا اختیار ہوتا ہے۔ ایگزیکٹو کمیٹی کو ایوفی کے ملازمین کے ضوابط اور مالیاتی قوانین کی منظوری دینے کا بھی اختیار حاصل ہے۔

ایگزیکٹو کمیٹی سال میں کم از کم دو مرتبہ سیکریٹری جنرل کی درخواست پر یا ضرورت کے مطابق اس کے چیئر مین یا سیکریٹری جنرل کی درخواست پر اجلاس کرتی ہے۔

جنرل اسمبلی تمام بانی اور ایسوسی ایٹ ممبران، ریگولیٹری اور سپر وائزری اتھارٹیز کی نمائندگی کرنے والے ممبران، مبصر ممبران اور معاون ممبران پر مشتمل ہوتی ہے۔ مبصر اور معاون ممبران جنرل اسمبلی کے اجلاسوں میں شرکت کا حق رکھتے ہیں لیکن ووٹ ڈالنے کا حق نہیں رکھتے۔ جنرل اسمبلی اعلیٰ ترین اتھارٹی ہوتی ہے اور سال میں کم از کم ایک بار اجلاس منعقد کرتی ہے۔

ایوفی کا شریعہ بورڈ زیادہ سے زیادہ بیس اراکین پر مشتمل ہوتا ہے جنھیں چار سال کی مدت کے لیے بورڈ آف ٹرسٹیز کی جانب سے مقرر کیا جاتا ہے۔ یہ اراکین فقہا میں سے منتخب کیے جاتے ہیں جو ایوفی کے رکن اسلامی مالیاتی اداروں کے شریعہ سپر وائزری بورڈز کی نمائندگی کرتے ہیں اور اس کے علاوہ مرکزی بنکوں کے شریعہ سپر وائزری بورڈز کے ارکان بھی شامل ہوتے ہیں، نیز سیکرٹری جنرل بھی اس میں شامل ہوتا ہے۔

اسٹینڈرڈز بورڈ بیس جز وقتی اراکین پر مشتمل ہوتا ہے جنھیں بورڈ آف ٹرسٹیز کی جانب سے چار سال کی مدت کے لیے مقرر کیا جاتا ہے، اس کے علاوہ سیکریٹری جنرل بھی اس میں شامل ہوتا ہے۔ اسٹینڈرڈز بورڈ کے اراکین درج ذیل مختلف شعبوں کی نمائندگی کرتے ہیں: ریگولیٹری اور سپر وائزری ادارے، اسلامی مالیاتی ادارے، شریعہ سپر وائزری بورڈز، یونی ورسٹی کے پروفیسرز، وہ تنظیمیں اور ایسوسی ایشنز جو اکاؤنٹنگ پیشے کے ضوابط کی ذمے دار ہوتی ہیں / اکاؤنٹنگ اور آڈیٹنگ کے معیارات کی تیاری کی ذمے دار ہوتی ہیں۔

یہ ادارہ مختلف اسلامی مالیاتی اداروں، علما اور ماہرین کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے تاکہ اسلامی مالیاتی نظام کی مستحکم ترقی کو یقینی بنایا جاسکے۔ ایوفی کے جاری کردہ معیار اسلامی مالیاتی اداروں کے لیے ایک قابل اعتماد رہ نمائی کا ذریعہ بن چکے ہیں اور یہ معیارات نہ صرف اسلامی ممالک میں بلکہ عالمی سطح پر بھی تسلیم کیے جاتے ہیں۔ ایوفی کا کردار اسلامی مالیاتی نظام کے فروغ میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے اور اس کے تیار کردہ اصولوں کی پیروی اسلامی مالیاتی اداروں کے لیے ایک لازمی شرط بن چکی ہے۔ [۳۳]

پاکستان میں سود کے خلاف قانونی کاوشوں کی تاریخ

مملکت خداداد پاکستان کے بانی حضرت قائد اعظمؒ پہلے پاکستانی لیڈر تھے، جنھوں نے یکم جولائی ۱۹۴۸ء کو

۳۳۔ ایوفی کا تعارف اس کے شریعہ اسٹینڈرڈز کی کتاب سے ماخوذ ہے۔

شدید بیماری کی حالت میں سٹیٹ بنک آف پاکستان کے افتتاح کے وقت سود کے خلاف مجاہدانہ بیان دیا:

''میں اس بنک کے تحقیقی شعبے کی کارکردگی کو ذاتی طور پر دیکھوں گا کہ وہ بنکنگ کے شعبے کو اسلام کے معاشی اور معاشرتی اصولوں کے مطابق مرتب کرے۔ مغرب کے معاشی نظام نے انسانیت کے لیے ایسے ناقابل اصلاح مسائل پیدا کر دیے ہیں کہ اکثریت یہ سوچتی ہے کہ کوئی معجزہ ہی ہے جو مغرب کے اس المیے سے دنیا کو بچا سکے جو اس کے معاشی نظام نے پیدا کیا ہے۔''(۳۴)

دسمبر ۱۹۶۹ء میں اسلامی مشاورتی کونسل نے ڈھاکہ میں منعقدہ اجلاس میں بنک کے قرضوں، سیونگ سرٹیفیکیٹ، پرائز بانڈ، پوسٹل لائف انشورنش وغیرہ سب کو سود قرار دے دیا اور اس کے خاتمے کے لیے اقدامات تجویز کرنے کو کہا۔ ۱۹۷۳ء میں آئینِ پاکستان میں سود کا خاتمہ حکومت کی ذمے داری قرار دی گئی، لیکن اپنے سارے دور میں ذوالفقار علی بھٹو نے اس جانب عمل درآمد کی طرف ایک قدم بھی نہ اٹھایا۔ معیشت سے ''ربا'' کے خاتمے کی کوشش کے طور پر ۱۹۷۵ء میں اسلامی نظریاتی کونسل نے بنک کاری اور مالیاتی نظام سے سود کے خاتمے کے بارے میں ایک رپورٹ پیش کی، لیکن حکومتی عدم دل چسپی کی بہ دولت اس رپورٹ کو زیادہ اہمیت نہ مل سکی۔

پاکستان میں سود سے پاک معیشت اور مالیاتی نظام کا تصور مذہبی اور معاشی دونوں ضروریات کے پیش نظر ابھرا۔ استحصالی اور سود پر مبنی کارروائیوں کے سبب روایتی بنک مسلمانوں کے لیے مناسب نہیں تھے۔ مسلمان عوام علمائے کرام سے اجازت طلب کرتے تھے کہ آیا وہ اپنی رقوم بنکوں میں جمع کرا سکتے ہیں یا نہیں؟ کیا اپنی ضروریات کی اشیا کے حصول کے لیے سودی بنکوں سے قرض لے سکتے ہیں یا نہیں؟ یہ اور ان جیسے دیگر سوالات کے پیش نظر اسلام کا مالیاتی نظام ایک ضرورت بن چکا تھا۔

۱۹۷۷ء اور ۱۹۷۸ء کے دوران میں پاکستان دنیا کا تیسرا ملک تھا جو قومی سطح پر سود سے پاک معاشی نظام کے نفاذ کی کوشش کر رہا تھا۔ اس سلسلے میں سابق صدر پاکستان جنرل ضیاء الحق کے دور میں کچھ ابتدائی عملی اقدامات کیے گئے، جیسے جنوری ۱۹۸۰ء میں روایتی بنکوں میں سود سے پاک الگ کاؤنٹرز کا افتتاح، یکم جولائی ۱۹۸۲ء کو تجارت اور صنعت کی ورکنگ کیپیٹل ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مشارکہ کا آغاز اور یکم اپریل ۱۹۸۵ء کو روایتی بنکوں میں نفع اور نقصان میں شراکت (PLS) کی بنیاد پر اکاؤنٹ متعارف کرانا۔(۳۵)

۲۶ مئی ۱۹۸۰ء میں قائم ہونے والی وفاقی شرعی عدالت نے ۲۳ دسمبر ۱۹۹۱ء کو سود کی حُرمت کا فیصلہ

34– Opening Ceremony of the State Bank of Pakistan on 1st July, 1948. https://rb.gy/kft1ue (Accessed at Sepetmebr 20, 2024).

35– SBP. (Accessed at October 17, 2024: https://www.sbp.org.pk/ibd/faqs.asp).

دیتے ہوئے اعلان کیا کہ موجودہ بنک کاری اور مالیاتی نظام اور کچھ مالی قوانین پاکستان میں سود پر مبنی ہیں اور بنکوں میں سود پر مبنی لین دین کو ختم کیا جائے گا اور یہ فیصلہ ۳۰ جون ۲۰۰۱ء سے مؤثر ہو گا۔ وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے نفاذ کے لیے عوامی دباؤ کے باوجود، حکومتِ وقت نے ۲۶ مئی ۱۹۹۲ء کو وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل دائر کی اور اس معاملے کو سات سال کے لیے مؤخر کر دیا۔ ۲۳ دسمبر ۱۹۹۹ء کو، سپریم کورٹ نے متفقہ طور پر فیصلہ سنایا کہ ربا شریعت کے اصولوں کی خلاف ورزی کرتا ہے، لہٰذا سپریم کورٹ نے وفاقی شرعی عدالت کے ۲۳ دسمبر ۱۹۹۱ء کے حُرمت سود کے فیصلے کو بحال کیا اور حکومت کو ہدایت کی کہ وہ ۳۰ جون ۲۰۰۱ء تک پاکستان کے معاشی اور مالیاتی نظام سے سود کا خاتمہ کرے۔ حکومت نے ظاہر کیا کہ وہ اسے نافذ کرنے کی کوشش کر رہی ہے، لیکن مقررہ وقت کی حد بہت کم تھی جس کی وجہ سے وہ ایسا نہ کر سکی۔ تاہم اس نے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل درآمد کے لیے ۳۰ جون ۲۰۰۲ء تک کی توسیع کی درخواست کی۔ سیاسی رہ نماؤں کی غیر مخلصانہ نیت کی وجہ سے یہ کام کسی بھی صورت میں مکمل نہ ہو سکا۔ تاہم ۶ جون ۲۰۰۲ء کو حکومت نے رپورٹ جمع کرائی کہ مالیاتی اور اقتصادی نظام سے سود کے خاتمے کے لیے مقرر کردہ پیرامیٹرز قابل عمل نہیں ہیں اور اس سلسلے میں کسی بھی کوشش سے پاکستان کی معیشت کو نقصان پہنچے گا۔ ۲۴ جون ۲۰۰۲ء کو چیف جسٹس سپریم کورٹ شیخ ریاض حسین کی سربراہی میں قائم شریعت اپیلیٹ بنچ نے وفاقی شرعی عدالت کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے وفاقی شرعی عدالت کو یہ کیس واپس کر دیا کہ وہ اس مقدمے کا دوبارہ فیصلہ کرے۔[۳۶]

اس کے علاوہ سپریم کورٹ کے شریعت اپیلیٹ بنچ نے وفاقی حکومت کو کچھ ایسے اقدامات کرنے کی ہدایت کی جو عدالت کے مطابق پاکستان کی معیشت کو (اسلامی معیشت میں) تبدیل کرنے کے لیے ضروری ہیں۔ جیسا کہ حکومتی اخراجات میں زبردست کمی کے لیے حکومت کفایت شعاری کے اقدامات کرے اور خسارے کی فنانسنگ کو کنٹرول کیا جائے۔ اس نے یہ بھی تجویز کیا کہ کچھ قوانین وضع کیے جائیں مثلاً فیڈرل کنسولی ڈیٹڈ فنڈ (وفاقی حکومت کی جملہ آمدنی) اور پبلک اکاؤنٹ کو ریگولیٹ کرنے کے لیے ایک ایکٹ، صوبائی کنسولی ڈیٹڈ فنڈ (صوبائی حکومت کی جملہ آمدنی) اور پبلک اکاؤنٹ کو ان کے مناسب ضابطوں کے لیے قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کے ذریعے نافذ کرنے کی ضرورت ہے اور معلومات تک آزادانہ رسائی ایکٹ، پرائیویسی ایکٹ اور ایتھکس ریگولیشنز آف یونائیٹڈ سٹیٹس (امریکی اخلاقی قانون)، فنانشل سروسز ایکٹ آف برطانیہ کی طرز پر (اسلامی)

36– Justice Syed Anwar. (2022). Judgment on Prohibition of Riba 2022. The Federal Shariat Court of Pakistan. Determinant Point-01, 49-62.

قوانین بنائے جائیں۔ سپریم کورٹ کے شریعت اپیلیٹ بنچ نے تجویز کیا کہ کچھ دفاتر قائم کیے جائیں جیسے وائٹ کالر کرائم اور معاشی جرائم پر قابو پانے کے لیے سیریس فراڈ آفس (SFO)، پبلک سیکٹر میں کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیاں وغیرہ۔ سپریم کورٹ کے شریعت اپیلیٹ بنچ نے سٹیٹ بنک کے اندر بعض خصوصی محکمے قائم کرنے کی ہدایت کی۔ اس کے علاوہ شریعت اپیلیٹ بنچ نے موجودہ مالیاتی نظام کو شریعت کے مطابق بنانے کے لیے مخصوص ٹائم لائنز بھی دی تھیں۔ حکومت کو ہدایت کی گئی تھی کہ ملکی بین الصوبائی قرضوں کے ساتھ ساتھ وفاقی حکومت کے سٹیٹ بنک آف پاکستان سے سودی قرضوں کو بھی غیر سودی قرضوں میں تبدیل کرے۔ سپریم کورٹ کے شریعت اپیلیٹ بنچ نے اپنے فیصلے کے ذریعے منعقدہ نظر ثانی آرڈر میں کہا:

"ہمارا خیال ہے کہ فی زمانہ اسلامی ممالک میں مروج مالیاتی نظام کا مکمل، وسیع تحقیقی اور تقابلی مطالعہ کرنے کے بعد اِن مقدمات میں شامل مسائل کا از سر نو تعین کرنے کی ضرورت ہے۔ چوں کہ وفاقی شرعی عدالت نے مقدمات میں شامل تنازع کے حل کے لیے ضروری تمام نکات پر کوئی حتمی فیصلہ نہیں دیا، اس لیے یہ مناسب ہو گا کہ معاملہ واپس وفاقی شرعی عدالت میں بھیج دیا جائے جسے آئین کے تحت اپنے دائرۂ اختیار کے اندر تمام نکات پر حتمی فیصلہ دینے کا پابند کیا گیا ہے"۔[۳۷]

سابقہ تین عدالتی فیصلوں کے بعد ۲۰۱۳ء سے وفاقی شرعی عدالت نے حُرمتِ سود کیس پر دوبارہ دلائل سننا شروع کیے اور ۵۸ سماعتوں کی ۹ سالہ طویل داستان کے بعد ۲۸ اپریل ۲۰۲۲ء کو وفاقی شرعی عدالت کے جسٹس سید انور شاہ صاحب نے "حُرمتِ سود" کا ایک تاریخ ساز فیصلہ دیا۔[۳۸]

فیصلہ حرمت سود اپریل ۲۰۲۲ء

عزت مآب جسٹس سید انور شاہ صاحب کا فیصلہ حُرمت سود کے گذشتہ فیصلوں کی نسبت زیادہ جامع ومانع ہے کیوں کہ اُن فیصلوں پر اٹھائے گئے سوالات پر موجودہ فیصلے میں سیر حاصل اور مدلل بحث کی گئی ہے۔ جن سوالات کی بنیاد پر وفاقی شرعی عدالت کا حُرمت سود کا ۲۳ دسمبر ۱۹۹۱ء کا گذشتہ فیصلہ کالعدم قرار پایا تھا کہ ان کے جوابات اُس فیصلے میں مفقود تھے، اُن میں اہم یہ تھے: قرآن مجید تو صرف استحصالی سود کو حرام قرار دیتا ہے، لیکن جو سود مناسب و منصفانہ ہو کیا وہ حرام ہے؟ ربا کے حوالے سے قرآن مجید میں وضاحت مفقود ہے اور وفاقی

37. Ibid.

۳۸- راقم نے اس تاریخی فیصلے کا اردو ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل کی ہے جو کہ گلوبل سینٹر فار لیگل تھاٹ، اسلام آباد کی جانب سے **فیصلہ حُرمتِ سود ۲۸ اپریل ۲۰۲۴ء** کے نام سے شائع بھی ہو چکا ہے۔

شرعی عدالت کے فیصلے میں جو کہا گیا ہے وہ محض قیاس ہے، کیا قرآن مجید کا "تصورِ ربا" یوژری (Usury) اور انٹرسٹ (Interest) سے مختلف ہے یا ایک ہی ہے؟ ذاتی اور تجارتی قرضوں پر سود میں کوئی فرق ہے؟ بنک کاری تو تجارت کی ایک شکل ہے اور تجارت اسلام میں جائز ہے پھر بنک کاری کیوں کر ناجائز ہوئی؟ کیا بنک کا سود منافع نہیں ہے؟

اس کے علاوہ اس فیصلے کا اہم پہلو یہ بھی ہے کہ بنک کاری سود کو جائز کہنے والوں نے کچھ مسلم اسکالرز کے دلائل پیش کیے تھے کہ وہ بنک کے سود کو جائز کہتے ہیں اور یہ موقف اختیار کیا کہ وہ بڑے اسلامی اسکالرز ہیں آخر انھوں نے ہوا میں بات تو نہیں کی ہو گی۔ جسٹس سید انور شاہ صاحب نے ان تمام اسلامی اسکالرز کی متعلقہ تحریروں کو باقاعدہ نقل کیا اور ثابت کیا کہ وہ یا تو اسکالرز کا اپنا فہم تھا یا ذاتی رائے تھی جس کے پیچھے کسی قسم کا قرآن وسنت پر مبنی یا فقہی استدلال موجود نہ تھا۔ اس طرح اس موقف کی کم زوری کو واضح کرتے ہوئے مدلل انداز میں اسے رد کر دیا گیا۔

فیصلے کا کمال پہلو یہ ہے کہ اس کی ابتدا میں بارہ (۱۲) سوالات قائم کیے گئے ہیں جو گذشتہ فیصلوں پر اٹھائے گئے فقہی، قانونی، آئینی اور تاریخی اعتراضات کا احاطہ کرتے ہیں اور پھر باری باری ہر ایک سوال پر مدلل انداز میں باحوالہ فیصلہ تحریر کیا گیا ہے۔

جسٹس سید انور شاہ صاحب نے اپنے فیصلے میں ربا کی وہ تمام شکلیں ممنوع و منسوخ قرار دیں جو سودی نظام کی بنیادی تشکیل کا ذریعہ بنتی ہیں۔ ان میں ربا النسیئہ کی تمام ممکنہ صورتوں کو حرام و ناجائز قرار دیا۔ ربا الفضل کو بھی پہلے فیصلوں کی نسبت زیادہ صراحت کے ساتھ ممنوع و منسوخ قرار دیا۔ مزید یہ کہ انھوں نے "ماڈرن کمرشل انٹرسٹ اور یوژری ربا ہیں یا نہیں" کی بحث کو ہی سمیٹ دیا اور دلائل سے ثابت کیا کہ دونوں میں کوئی فرق نہیں اور دونوں ربا النسیئہ کی ہی صورتیں ہیں اور حرام ہیں۔ اس کے علاوہ وفاقی شرعی عدالت نے انٹرسٹ ایکٹ ۱۸۳۹ اور یکم جون ۲۰۲۲ء سے سود سے متعلق تمام شقوں کو غیر شرعی قرار دے دیا۔ جسٹس سید انور شاہ صاحب نے حرمتِ سود کا فیصلہ تحریر کرتے ہوئے ابتدا میں لکھا ہے:

حُرمت سود کا یہ معاملہ زیر التوا ہے جو قطعاً قابلِ ستائش صورت حال نہیں ہے۔ اگرچہ یہ تاخیر کسی نہ کسی عملی اور قانونی رکاوٹوں کی وجہ سے ہوئی ہے، لیکن پھر بھی اس کی کوئی معقول وجہ نہیں ہو سکتی۔ تاہم، اس تاخیر کے سیاہ بادل میں ایک نور کی کرن بھی ہے۔ تاخیر سے اس کیس کے معاملے میں کچھ مثبت تبدیلیاں آئی ہیں؛ یعنی پاکستان میں اسلامی بنک کاری یا سود سے پاک بنک کاری کا تعارف اور فروغ اس عرصے کے دوران میں تیزی سے

ہوا۔ گذشتہ ۲۰ سالوں کے اس عرصے کے دوران میں پاکستان میں اسلامی بنک کاری ایک حقیقت بن چکی ہے۔ بہت سے ایسے موضوعات جو محض علمی بحث کے طور پر سمجھے جاتے تھے، حقیقی اور عملی مسائل بن گئے ہیں۔ جیسے اسلامی فنانسنگ کے مختلف طریقے انفرادی اور کارپوریٹ سطح پر ان کی عملیت اور آپریشنز۔ سپریم کورٹ کے شریعت اپیلیٹ بنچ کے ریمانڈ آرڈر کے ذریعے ردّ کیے جانے والے دونوں فیصلے ایک بہت ہی جامع اور مفصل فقہی لٹریچر پر مشتمل ہیں، جو کہ نہایت ہی عمدہ علمی بنیادوں پر تھا، جسے نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا میں اسلامی فنانسنگ یا اسلامی بنک کاری کے شعبے سے منسلک متعلقہ حلقوں میں بھی میں سراہا گیا۔ علمی طور پر دونوں فیصلوں کو عصری دنیا میں اسلامی بنک کاری کی بنیاد رکھنے کے لیے ماسٹر پیس اور لینڈ مارک فیصلہ سمجھا جاتا ہے۔ گذشتہ ۲۰ سالوں کے دوران میں دونوں فیصلوں نے پاکستان میں اسلامی بنک کاری کی ترقی کے لیے عملی مدد اور رہ نما اصول فراہم کیے ہیں۔ اس وقت اسلامک بنکنگ یعنی بلا سود بنکنگ نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا میں ایک حقیقت ہے۔ نتیجتاً، بہت سارے سوالات کی اہمیت بدل گئی ہے، جن پر پہلے فریقین نے وفاقی شرعی عدالت، سپریم کورٹ کے شریعت اپیلیٹ بینچ اور اس نظر ثانی درخواست میں بحث ومباحثہ کیا تھا۔ مثال کے طور پر، یہ سوال کہ کیا اسلامی بنک کاری ایک ممکنہ عملی نظام ہے؟ کیا یہ پاکستان میں قابل عمل اور ممکن ہے یا نہیں؟ یا پاکستان میں اسلامی بنک کاری کے نفاذ سے ملکی استحکام اور سلامتی کو کوئی خطرہ لاحق ہو گا یا نہیں؟ ایسے تمام سوالات شاید اپنی اہمیت کھو چکے ہیں جو پہلے اُس وقت متعلقہ سوال تھے، جب یہ مقدمہ سپریم کورٹ کے معزز شریعت اپیلیٹ بینچ میں زیر التوا تھا اور اس پر بحث ہو رہی تھی۔ اس تبدیلی کے نتیجے میں، کچھ علمی سوالات کی اہمیت کی نوعیت بدل گئی ہے؛ کیوں کہ اب اسلامی بنکوں کو اسٹیٹ بنک آف پاکستان کی زیرِ نگرانی شریعتی بورڈ کی مؤثر اور مناسب مشورہ اور رہ نمائی کا پابند کیا گیا ہے۔(۳۹)

اس فیصلے کے آتے ہی حکومتی ایوانوں میں پھر سے وہی ہل چل مچ گئی اور سودی بنکوں میں کہرام برپا ہو گیا۔ چناں چہ حکومتی ایما پر اسٹیٹ بنک آف پاکستان سمیت کئی سودی بنک بھی اس فیصلے کے خلاف پٹیشنز لے کر سپریم کورٹ چلے گئے جس سے وفاقی شرعی عدالت کا حُرمتِ سود پر ۲۴ سال بعد سنایا جانے والا فیصلہ بھی غیر مؤثر ہو کر رہ گیا، لیکن اب کی بار حالات مختلف تھے عوامی شعور بیدار ہو چکا تھا۔ علمائے کرام کی صدائے احتجاج مؤثر تھی۔ سیاسی حکومت عوامی پریشر کے سامنے مجبور ہو گئی اور اسٹیٹ بنک آف پاکستان کو اپنی پٹیشن واپس لینے پر مجبور

39– Justice Syed Anwar. (2022). Judgment on Prohibition of Riba 2022. The Federal Shariat Court of Pakistan. No. 9, 35.

کیا۔ بعد میں اسٹیٹ بنک آف پاکستان نے دیگر بنکوں کو بھی اپنی اپنی پٹیشن واپس لینے پر مجبور کیا۔

وفاقی شرعی عدالت کے ۲۸ اپریل ۲۰۲۲ء کے فیصلے میں حکومت کو معیشت سے سود کے خاتمے کے لیے پانچ سال کا عرصہ دیا گیا اور اسلامی بنک کاری کے نظام کو بہ طور عملی مثال کے پیش کیا اور ہدایت کی کہ معیشت کو اس عملی نظام کے اصولوں پر چلایا جائے۔ اس حوالے سے اسٹیٹ بنک آف پاکستان نے ۲۰۲۸ء–۲۰۲۳ء کے لیے اسٹریٹجک منصوبہ تیار کیا جو موجودہ روایتی بنکوں کو اسلامی بنکوں میں تبدیل کرنے پر مشتمل ہے۔[۴۰] اسٹیٹ بنک آف پاکستان نے ہدف مقرر کیا کہ ۲۰۲۵ء تک اسلامی بنکوں کے پاس مجموعی بنک کاری اثاثوں اور جمع شدہ رقم کا ۳۰ فیصد حصہ ہو۔ ۲۰۲۲ء میں وفاقی شرعی عدالت پاکستان نے حکومت کو ہدایت دی کہ وہ ملکی یا غیر ملکی ذرائع سے قرض لیتے وقت شریعت کے مطابق طریقے اختیار کرے اور پانچ سالہ مدت مقرر کی تاکہ ۲۰۲۷ء کے آخر تک معیشت کو "منصفانہ، اثاثوں پر مبنی، رسک شیئرنگ اور سود سے پاک معیشت" میں تبدیل کیا جا سکے۔ چناں چہ اسٹیٹ بنک آف پاکستان نے تمام سودی بنکوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ ۲۰۲۷ء تک اپنے تمام آپریشنز سے سود کا خاتمہ کریں اور خود کو اسلامی بنک کاری میں تحویل کریں۔[۴۱] تادمِ تحریر ہذا، اسٹیٹ بنک آف پاکستان اپنے اس کام کی تکمیل میں کام یاب ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔

پاکستان میں اسلامی بنک کاری کا اجرا وارتقا

اگرچہ ۲۴ جون ۲۰۰۲ء کو سپریم کورٹ کے شریعت اپیلیٹ بنچ نے وفاقی شرعی عدالت کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے وفاقی شرعی عدالت کو یہ کیس واپس کر دیا تھا کہ وہ اس مقدمے کا دوبارہ فیصلہ کرے۔ تاہم شریعت اپیلیٹ بنچ نے وفاقی حکومت کو کچھ ایسے اقدامات کرنے کی ہدایت کی تھی جو عدالت کے مطابق پاکستان کی معیشت کو اسلامی معیشت میں تبدیل کرنے کے لیے ضروری ہوں۔ اس حوالے سے حکومتِ وقت نے اسلامی بنک کاری کو ایک متوازی اور ہم آہنگ نظام کے طور پر بہ تدریج فروغ دینے کا فیصلہ کیا۔

پاکستان میں اسلامی بنک کاری کو دوبارہ متعارف کروانے کا باقاعدہ عملی اقدام ۲۰۰۱ء میں شروع کیا گیا تاکہ سود سے پاک معیشت کی طرف منتقلی کو مارکیٹ پر مبنی ایک مرحلہ وار طریقے سے انجام دیا جا سکے۔ مزید

40– SBP Vision 2028. (https://www.sbp.org.pk/press/2023/Pr-17-Nov-2023.pdf , Accessed at October 17, 2024)

41– Justice Syed Anwar. (2022). Judgment on Prohibition of Riba 2022. The Federal Shariat Court of Pakistan. No. 163, p: 187.

بر آں، اس کا مقصد ملک میں ایک مضبوط اور وسیع البنیاد مالیاتی نظام کی تعمیر کرنا بھی تھا تاکہ آبادی کے تمام طبقات کو مالیاتی خدمات تک رسائی حاصل ہو سکے۔ اس تناظر میں، اسٹیٹ بنک آف پاکستان نے اسلامی بنک کاری کے فروغ کے لیے درج ذیل تین نکاتی حکمت عملی اپنائی:[۴۲]

۱. نجی شعبے کو مکمل اسلامی بنک کھولنے کی اجازت۔

۲. روایتی بنکوں کو اسلامی بنک کاری کی ذیلی برانچز اور ونڈو آپریشن کی اجازت۔

۳. روایتی بنکوں کو اسلامی بنک کاری کی مکمل "الگ تھلگ شاخیں" کھولنے کی اجازت دی گئی۔

اسٹیٹ بنک نے ان تینوں حکمت عملیوں کے لیے مختلف اوقات میں ہدایات جاری کیں۔ اسٹیٹ بنک نے روایتی بنکوں کے لیے لازم قرار دیا کہ وہ اسلامی بنک کاری کی "الگ تھلگ شاخوں" کے لیے علاحدہ حسابات رکھیں اور اسلامی بنک کاری کی شاخوں اور ذیلی شاخوں کو اپنے روایتی سودی بنکنگ نیٹ ورک سے الگ تھلگ رکھیں۔ اسٹیٹ بنک نے شریعہ ایڈوائزری بورڈ کے قیام کو بھی لازم قرار دیا اور شرعی بورڈ کے حوالے سے تمام ہدایات، اس کے کردار، فرائض، ذمے داریوں، انتخاب کے معیار اور حدود کو متعین کیا۔ تمام اسلامی بنکوں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنی مصنوعات اور خدمات کے حوالے سے اسلامی مالیاتی طریقوں کی ضروریات کو پورا کریں۔

پہلا مکمل اسلامی بنک ۲۰۰۲ء میں میزان بنک کے نام سے شروع ہوا۔[۴۳] ۲۰۰۲ء سے اسلامی بنک کاری کی صنعت نے مسلسل اور قابل ذکر ترقی کا مظاہرہ کیا، جو پچھلے کئی سالوں سے روایتی بنکوں کی حاصل کردہ ترقی کی شرح سے تجاوز کر گئی ہے۔ لوگوں نے اسلامی بنک کاری کا خیر مقدم کیا اور اپنی بچتیں مختلف اسلامی مالیاتی طریقوں میں رکھ دیں۔ کچھ ہی عرصے میں دیگر اسلامی بنکوں نے بھی کام شروع کیا۔ اس وقت ملک میں ۶ مکمل اسلامی بنک اور تقریباً تمام روایتی بنکوں کی کئی الگ تھلگ اسلامی شاخیں اور ونڈوز باقاعدہ کام کر رہی ہیں۔ اسلامی بنکوں پر اسٹیٹ بنک آف پاکستان کی سہ ماہی رپورٹ مارچ ۲۰۲۴ء کے مطابق اسلامی بنک کاری کے اداروں میں کل ۲۲ بنک شامل ہیں، جن میں ۶ مکمل اسلامی بنک اور ۱۶ روایتی بنک ہیں جن کی الگ تھلگ اسلامی بنک کاری کی

42– Strategic Plan Islamic Banking Industry of Pakistan 2014– 2018. State Bank of Pakistan. (Accssed at October 17, 2024: https://www.sbp.org.pk/departments/pdf/StrategicPlanPDF/Strategy%20Paper-Final.pdf).

۴۳۔ نفس مرجع۔

شاخیں ہیں۔اس وقت اسلامی بنک کاری کا برانچ نیٹ ورک ۱۰۱۵تک پہنچ چکا ہے۔[۴۴] پاکستان میں درج ذیل اسلامی بنک اسلامی بنک کاری کی طرف فعالی سے کام کر رہے ہیں:

- میزان بنک
- بنک اسلامی پاکستان
- دبئی اسلامی پاکستان لمیٹڈ
- البرکہ بنک
- فیصل اسلامک بنک
- ایم سی بی اسلامی بنک

پاکستان میں ایوفی کے شرعی معاییر کو SBP اورانسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کمیٹی کے ذریعے اپنایا جارہاہے۔ اب تک عالمی اسلامی مالیاتی معاییر اتھارٹی کی جانب سے ۱۲۵ سے زائد معاییر یا ضابطے شائع کیے جا چکے ہیں۔ان میں:۶۱ شرعی معاییر، ۴۰ اکاؤنٹنگ سے متعلق، ۱۴ گورننس سے متعلق، ۷ آڈٹ سے متعلق اور ۳ اخلاقیات کے ضابطے، شامل ہیں۔ ان میں سے پاکستان نے ۱۶ ضابطے نافذ کیے ہیں۔ اسٹیٹ بنک آف پاکستان نے اسلامی بنک کاری اداروں کے لیے متعدد اصولی قواعد وضوابط جاری کیے ہیں اور ایک مضبوط فریم ورک بھی موجود ہے جو اسلامی مالیاتی نظام کی طرف منتقلی کے عمل کو تیز کر سکتا ہے۔ ایوفی کے ۲۰ سے زائد شرعی معاییر اپنائے جا چکے ہیں۔[۴۵]

موجودہ صورت حال ایک عملی نقطۂ نظر کا تقاضا کرتی ہے جس میں قانونی اور بین الاقوامی مالیاتی ذمہ داریوں کا مکمل خیال رکھا جائے۔ اسلام پیچیدہ مسائل کے حل کے لیے ایک متوازن اور عملی طریقہ کار تجویز کرتا ہے، اور روایتی بنک کاری کی اسلامی بنک کاری میں تبدیلی ان میں سے ایک ہے۔ اسلامی بنک کاری کے مسئلے کو پچھلے ۳۰ سالوں کی طرح نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو، اسٹیٹ بنک آف پاکستان (SBP) اور عدلیہ کی مشاورت کے ساتھ، ایک عملی طریقہ کار وضع کرنا ہوگا۔ قانونی اور مالیاتی شعبوں میں ابھی بھی بہت سی اصلاحات کی ضرورت باقی ہے۔

اسلامی سماجی مالیات

اسلامی سماجی مالیات (Islamic Social Finance) ایک کثیر جہتی نقطۂ نظر ہے جو اسلامی مالیاتی اصولوں کو انصاف، مساوات، سماجی ذمے داری اور عوامی فلاح و بہبود کے اصولوں کے ساتھ جوڑتا ہے۔ اس کا

44– Quarterly Islamic Banking Bulletin (March, 2024). State Bank of Pakistan. (Accessed at October 17, 2024: https://www.sbp.org.pk/ibd/Bulletin/2024/Islamic-Banking-Bulletin-March-2024.pdf).

45– Justice Syed Anwar. (2022). Judgment on Prohibition of Riba 2022. The Federal Shariat Court of Pakistan. 16.

مقصد معاشی ناانصافی کو دور کرنا، پائیدار ترقی کو فروغ دینا اور کمیونٹی کے اتحاد کو مستحکم کرنا ہے۔ یہ منفرد مالیاتی ڈھانچہ اسلامی اخلاقیات اور اقدار کے ساتھ ہم آہنگ ہے اور روایتی سودی مالیاتی نظاموں کے متبادل کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ اسلامی سماجی مالیات کا مقصد ایسے مالیاتی آلات (Financial Tools) بنانا ہے جو نہ صرف شریعت کے مطابق ہوں، بلکہ سماجی مسائل کو بھی حل کریں اور مالیاتی عمل میں اخلاقی پہلوؤں کو شامل کرتے ہوئے ایک منصفانہ معاشرے کی تشکیل کریں۔

اسلامی سماجی مالیات کے آلات میں بنیادی طور پر زکاۃ، صدقہ، وقف اور قرضِ حسنہ شامل ہیں۔ اس شعبے میں اسلامی مائیکروفنانس، سماجی صکوک، اسلامی اجتماعی فنڈنگ، اخلاقی سرمایہ کاری اور سماجی طور پر ذمے دارانہ سرمایہ کاری(socially responsible investment) کو بھی شامل کرتی ہیں۔ اگر ان مذکورہ مالیاتی ٹولز کو درست طریقے سے استعمال کیا جائے تو یہ معیشت کو اُٹھانے میں مدد فراہم کر سکتے ہیں۔ اسلامی سماجی مالیات براہ راست دولت کی تقسیم کو کم زور طبقے تک پہنچا کر غربت کو کم کرنے، سماجی فلاح و بہبود کو بڑھانے اور ضرورت مندوں کے لیے حفاظتی نیٹ کو وسیع کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔ یہ تعلیم، صحت اور عوامی فلاح و بہبود کے شعبوں میں فلاحی اداروں کی حمایت کے لیے مدد فراہم کرتی ہیں، چھوٹے کاروباری افراد اور نئے کاروباروں کے لیے ترقی اور روزگار کے مواقع پیدا کرتی ہیں، آفات سے بچاؤ اور بحالی میں مدد فراہم کرتی ہیں، اخلاقی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں اور پائیدار معاشرتی ترقی کی حمایت کرتی ہیں۔

اسٹیٹ بنک آف پاکستان(SBP)نے ملک میں اسلامی بنک کاری کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ۲۰۰۷ء میں، SBP نے اسلامی مائیکروفنانس کاروبار کے قیام کے لیے ہدایات متعارف کروائیں، جس سے اس شعبے کی ترقی کی بنیاد رکھی گئی۔ اس وقت دو اہم اسلامی مائیکروفنانس ادارے ہیں: این آر ایس پی مائیکروفنانس بنک لمیٹڈ اور یو مائیکروفنانس بنک لمیٹڈ، جن کی مجموعی طور پر ۱۱۱ شاخیں ہیں۔ مزید دو ترقیاتی مالیاتی ادارے یعنی پاکستان کویت انویسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ (PKIC) اور پاکستان مارگیج اینڈ ریفنانس کمپنی لمیٹڈ (PMRC) اسلامی مصنوعات اور خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ یہ ادارے شرعی اصولوں کے مطابق مالی خدمات کی فراہمی اور ملک کی اقتصادی ترقی میں معاونت میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔[۴۶] ان کے علاوہ اسلامی مائیکروفنانسنگ فراہم کرنے والے بیسیوں پرائیویٹ ادارے ملک بھر میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

46– Quarterly Islamic Banking Bulletin (March, 2024). State Bank of Pakistan.

اسلامی مالیات میں سیکیورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کا کردار

پاکستان کے نان بنکنگ سیکٹر جیسے کمپنیوں وغیرہ کو سیکورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان دیکھتا ہے۔ ۱۹۷۰ء کی دہائی کے آخر میں حکومت پاکستان نے ربا کے خاتمے کی جانب پہل کرتے ہوئے ۱۹۶۲ء کے بنکنگ کمپنیز آرڈیننس میں کچھ تبدیلیاں متعارف کروائیں اور ۱۹۸۰ء کے مضاربہ کمپنیز اور مضاربہ (فلوٹیشن اور کنٹرول) آرڈیننس کا نفاذ کیا۔ مضاربہ کمپنیاں پاکستان میں ابتدائی اسلامی مالیاتی کاوشوں کے نتیجے میں وجود میں آئی تھیں۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے تحت باقاعدہ اسلامک فنانس ڈویژن(IFD) کا قیام ۲۰۱۵ء میں عمل میں آیا، جس کا مقصد پاکستان میں اسلامی مالیاتی خدمات کی صنعت کی نگرانی اور ترقی کرنا تھا۔ یہ شعبہ SECP کی اس وسیع تر حکمت عملی کا حصہ ہے جس کا مقصد شریعت کے مطابق مالیاتی آلات اور اداروں کی ترقی کو فروغ دینا ہے۔ یہ شعبہ اسپیشلائزڈ کمپنیز ڈویژن (SCD) کے تحت کام کرتا ہے اور اسلامی مالیات کے شعبے کی ترقی اور استحکام کو یقینی بنانے کے لیے پالیسیوں، ضوابط اور رہ نما خطوط تیار کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ وفاقی شرعی عدالت کی ہدایات کے بعد اسلامک فنانس ڈویژن(IFD) شرعی امور پر رہ نمائی فراہم کرنے کے لیے شرعی مشاورتی کمیٹی (SAC) اور SECP کے سینئر عہدے داروں کی Apex Committee کے ساتھ بھی تعاون کرتا ہے۔

اپنے قیام کے بعد سے IFD نے اسلامی مالیات کے شعبے کی توسیع میں اہم کردار ادا کیا ہے، جس میں تشخیصی جائزے، ضوابط کی تجدید اور اسلامی مالیاتی خدمات کی ترقی کی حمایت شامل ہے۔ IFD کے تحت اہم کام یابیوں میں نئے مضاربہ ضوابط کا کام یاب نفاذ، شریعت کے مطابق سیکورٹیز کا مستقل اجرا اور ایوفی جیسے عالمی اداروں کے ساتھ مل کر بین الاقوامی کانفرنسوں کا انعقاد شامل ہے۔ اس کے علاوہ تکافل کمپنیاں، اسلامی میوچل فنڈز اور اسلامی پنشن فنڈز کا قیام اور کنٹرول اسی شعبے کے ماتحت ہے۔

جو بھی کمپنی خود کو شریعہ کمپلائنٹ کہلوانے کا ارادہ رکھتی ہے اس پر لازم ہے کہ وہ SECP میں باقاعدہ اپلائی کرے۔ SECP کا اسلامک فنانس ڈویژن(IFD) اپنے شرعی معیارات پر اس کمپنی کی جانچ کرتا ہے اور تسلی بخش ہونے پر اسے شرعی مطابقت کی سند دے دی جاتی ہے۔ اسلامک فنانس ڈویژن(IFD) نے یہ بھی لازم کر رکھا ہے کہ ہر شرعی مطابقت کی حامل کمپنی ایک شریعہ ایڈوائزر یا شریعہ بورڈ کی خدمات لے گی اور اس کے لیے اسلامک فنانس ڈویژن(IFD) کے پاس باقاعدہ رجسٹرڈ شریعہ ایڈوائزرز کی ایک فہرست موجود ہے جو SECP کی ویب

سائیٹ پر موجود ہے۔ جو عالم دین یا اسلامی مالیات میں تجربہ کار پی ایچ ڈی ڈاکٹر مطلوبہ اہلیت رکھتا ہے وہ بطور شریعہ ایڈوائزر رجسٹرڈ ہونے کے لیے SECP میں درخواست جمع کرواتا ہے جسے اسلامک فنانس ڈویژن (IFD) منظور کرتا ہے۔ (۴۷)

اسلامی مالیات میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX) کا کردار

پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX) کا ادارہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ریگولیشن کے تحت کام کرتا ہے۔ اسلامی مالیات میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، کیوں کہ یہ شریعت کے مطابق سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنے والا اہم پلیٹ فارم ہے۔ PSX اسلامی مالیات سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لیے ورکشاپس اور سیمینارز منعقد کرتا ہے نیز اسلامی بنکوں اور مالیاتی اداروں کے ساتھ مل کر شریعت کے مطابق سرمایہ کاری کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس طرح PSX اسلامی مالیاتی نظام کے فروغ اور اسلامی سرمایہ کاروں کو مواقع فراہم کرنے میں ایک فعال کردار ادا کر رہا ہے۔

پاکستان اسٹاک ایکسچینج کا PSX-KMI All Shares Index ایک شرعی معیار کا انڈیکس ہے جو PSX پر درج "شرعی مطابقت کی حامل کمپنیوں" کی کارکردگی کو ٹریک کرتا ہے۔ یہ انڈیکس ان سرمایہ کاروں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے جو اسلامی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں۔ PSX شریعت انڈیکس میں وہ کمپنیاں شامل کی جاتی ہیں جو مقرر کردہ شرعی اصولوں پر پورا اترتی ہیں جن میں سود پر مبنی سرگرمیوں، جوئے اور اسلام میں ممنوعہ دیگر سرگرمیوں پر پابندیاں شامل ہیں۔ یہ انڈیکس اسلامی سرمایہ کاروں کے لیے ایک قیمتی ذریعہ ہے تاکہ وہ ان کمپنیوں کی شناخت اور کارکردگی کی نگرانی کر سکیں جو ان کے اخلاقی اور مذہبی اقدار کے مطابق ہوں اور ساتھ ہی پاکستان میں اسلامی مالیاتی مارکیٹ کی ترقی میں بھی معاون ثابت ہو۔ PSX پر اس وقت تقریباً ۵۰۰ سے زائد پبلک لسٹڈ کمپنیز ہیں جن میں سے تقریبا آدھی سے زیادہ شرعی مطابقت کے معیار پر پورا اترتی ہیں جو کہ خوش آئند بات ہے کہ نان بنکنگ سیکٹر بھی حلال بزنس کی جانب بڑھ رہا ہے۔

KMI-۳۰ انڈیکس یا کراچی میزان انڈیکس PSX پر ایک اور اہم "شرعی مطابقت انڈیکس" ہے۔ میزان بنک کے تعاون سے شروع کیا گیا یہ انڈیکس PSX پر درج ۳۰ بہترین شرعی مطابقت کی حامل کمپنیوں کو

47– SECP. (February, 3023). A Diagnostic Review of Islamic Finance in the Non-Bank Financial Sector of Pakistan Islamic Finance.

ٹریک کرتا ہے، جن کا انتخاب ان کی مارکیٹ کیپیٹلائزیشن اور لیکویڈیٹی کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ KMI-30 انڈیکس کو پاکستان کی اسلامی ایکویٹی مارکیٹ کی کارکردگی کا ایک قابل اعتماد اشاریہ سمجھا جاتا ہے۔ یہ انڈیکس سرمایہ کاروں کو شریعت کے اصولوں پر عمل پیرا سرکردہ کمپنیوں کے ایک محدود پورٹ فولیو فراہم کرتا ہے، جس کی وجہ سے یہ حلال سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے والوں میں مقبول ہے۔ اس انڈیکس نے پاکستان کی مارکیٹ میں شریعت کے مطابق سرمایہ کاری کی مصنوعات، جیسے اسلامی میوچل فنڈز اور ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز (ETFs) کی ترقی کو فروغ دینے میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔[۴۸]

نتیجہ بحث

جدید اسلامی مالیات کا سفر ۱۹۶۰ء کی دہائی میں شروع ہوا تھا۔ پاکانِ امت نے اخلاص وللّٰہیت کے ساتھ اپنا عملی کردار ادا کرتے ہوئے معاشیات و مالیات کے تحقیقی میدان میں صدیوں کے جمود کو توڑا اور خُذْ مَا صَفَا وَدَعِ الْكَدَرْ کے تحت جدید مالیات کو شرعی مطابقت کا حامی بناتے ہوئے جدید منہج پر اسلامی مالیات کو متعارف کرایا۔ شرعی احکامات میں پائے جانے والے توسع نے موجودہ اسلامی مالیات کی ترویج میں بنیادی کردار ادا کیا۔ یوں صرف چھ دہائیوں کے اندر اسلامی بنک کاری و اسلامی مالیات کو باقاعدہ الگ نظام کی حیثیت میں صدیوں پرانے سودی نظام کے مقابل نہ صرف لا کھڑا کر دیا، بلکہ اُس کی سرشت میں موجود استحصالیت سے بھی پردہ اٹھا دیا۔ آج دنیا کا شاید ہی کوئی ملک ہو گا جہاں اسلامی بنک کاری و اسلامی مالیات کے ادارے کام نہ کر رہے ہوں۔ اسلامی ممالک میں اس نظام نے دن دگنی رات چگنی ترقی ہے۔ خاص طور پر ۲۰۰۷-۰۸ء کا عالمی مالیاتی بحران کی جس کے دوران میں سودی بنک کاری و مالیاتی ادارے کوڑیوں کے بھاؤ فروخت ہو رہے تھے، اس دوران میں اسلامی بنک اور اسلامی مالیاتی ادارے ثمر آور ہو رہے تھے اور اس کی بنیادی وجہ اسلامی مالیاتی نظام کا سود سے غیر متعلق ہونا تھا۔ اسلامی مالیات پر موجود تحقیقی لٹریچر کا جائزہ واضح کر دیتا ہے کہ سرمایہ داریت کے روزِ مکافات کا سورج طلوع ہونے کو ہے اور عن قریب نگاہیں سرمایہ پرستی کے سفینے کو ڈوبتا ہوا دیکھیں گے اور مصطفوی ﷺ نظام کے نور کو سرمایہ داریت اور دیگر باطل نظاموں کی شبِ تیرہ کو تار تار کرتا دیکھیں گی۔

۞۞۞۞۞

48– Raeda Latif. (January 31. 2022). Islamic finance upsurge. Dawn News paper. (Accessed at October 18, 2024: https://www.psx.com.pk/psx/themes/psx/uploads/GIFA-supplement-compressed.pdf)

List of Sources in Roman Script

- Ansari, Jāvid Akbar. *Maghribī Tahẕīb: Aik Mu'āṣiranah Tajzīyah*. Lahore: Shaikh Zayd Islamic Center, Jāmi'ah Punjāb, 2002.
- Beattie, Andrew. "The Evolution of Banking Over Time: From the Ancient World to the Digital Age." Accessed October 17, 2024. https://www.investopedia.com/articles/07/banking.asp.
- Chachi, Abdelkader. "Origin and Development of Commercial and Islamic Banking Operations." *Journal of King Abdulaziz University: Islamic Economics* 18, no. 2 (2005).
- COMCEC. *National and Global Islamic Financial Architecture: Problems and Possible Solutions for the OIC Member Countries*. Ankara: The Standing Committee for Economic and Commercial Cooperation, 2016.
- El-Husseini, Ibrahim A. *Islamic Financial Principles and Their Application in Project Financing*. PhD diss., Massachusetts Institute of Technology, 1988.
- Ferguson, Niall. *The Ascent of Money: Financial History of the World*. New York: Penguin Press, 2008.
- Galloux, Maurice. *Finance islamique et pouvoir politique: le cas de l'Egypte modern*. Paris: Presses Universitaires de France, 1997.
- Iqbal, Zamir. "Islamic Financial System." *Finance & Development*, June 1997, 42–45.
- Iqbal, Zamir, and Abbas Mirakhor. *An Introduction to Islamic Finance: Theory and Practice*. Vol. 687. Chichester: John Wiley & Sons, 2011.
- IsDB (Islamic Development Bank). *Annual Report – 1429H*. Jeddah, 2008.

❖ Justice Syed Anwar. *Judgment on Prohibition of Riba*. Federal Shariat Court of Pakistan, 2022.

❖ Kahf, Monzer. “Islamic Banks: The Rise of a New Power Alliance of Wealth and Shari’a Scholarship.” In *The Politics of Islamic Finance*, edited by Clement M. Henry and Rodney Wilson, 17–36. Edinburgh: Edinburgh University Press, 2004.

❖ Kayed, Rami N., and M. Kabir Hassan. “The Global Financial Crisis and Islamic Finance.” *Thunderbird International Business Review* 53, no. 5 (2011): 551–564.

❖ Khan, Muhammad Fahim, and Mario Porzio, eds. *Islamic Banking and Finance in the European Union: A Challenge*. Cheltenham: Edward Elgar Publishing, 2010.

❖ Kuwait Finance House. *Islamic Finance in Asia: Development, Growth and Opportunities*. Kuwait: 2013.

❖ Orhan, Zeynep Hafsa. “Mit Ghamr Savings Bank: A Role Model or an Irreplicable Utopia?” *İnsan ve Toplum* 8, no. 2 (2018): 85–102.

❖ Roy, Delwin A. “Islamic Banking.” *Middle Eastern Studies* 27, no. 3 (1991): 427–456.

❖ Setiawan, Rachmad Andi. “Why an Interest-Free Economy Was Instituted from Early Religious Zeal.” *Australian Journal of Islamic Studies* 6, no. 2 (2021): 31–48.

❖ Shabsigh, Ghiath, Laura Ross, and Sami Zeine. “Islamic Banking Proposals Get IMF Approval.” International Monetary Fund. Accessed October 17, 2024. https://www.imf.org/en/Blogs/Articles/2017/02/21/islamic-banking-proposals-get-imf-approval.

❖ State Bank of Pakistan. *Strategic Plan for Islamic Banking Industry of Pakistan 2014–2018*. Accessed October 17, 2024. https://www.sbp.org.pk/departments/pdf/StrategicPlanPDF/Strategy%20Paper-Final.pdf.

❖ State Bank of Pakistan. *Quarterly Islamic Banking Bulletin*, March 2024. Accessed October 17, 2024.

https://www.sbp.org.pk/ibd/Bulletin/2024/Islamic-Banking-Bulletin-March-2024.pdf.

- Warde, Ibrahim. *Islamic Finance in the Global Economy*. Edinburgh: Edinburgh University Press, 2000.
- Wilson, Rodney. "The Evolution of Islamic Banking and Emerging Trends in Islamic Finance." Paper presented at the Mauritius Islamic Finance Forum, 2005.